ASTROLOGY FOR ALL

حمد

اعظمؔ

اے خدائے جمال و زیبائی
خوب ہے تیری عالم آرائی
تو کہاں ہے کہاں نہیں ہے تو
محوِ حیرت ہے تابِ گویائی
سب میں موجود اور سب سے جدا
کون سمجھے یہ رازِ تنہائی!
پارہ پارہ قبائے استدلال
ریزہ ریزہ ہے دامِ جویائی
کیا نظر آئے ماسوا کا جہاں
دیکھ کر تیری شانِ یکتائی
اعظم اس نام سے ہے گلشن میں
زندگی، تازگی و رعنائی

نعت

مظہر بھوپالی

کیوں نہ خوش آج ہوں یہ زمیں آسماں
آ رہے ہیں یہاں مالکِ دو جہاں
منتظر اِک اشارے کے شمس و قمر
اِک اشارے سے ہو جائیں گے دو وہاں
سنگریزے بھی آ جائیں گر ہاتھ پر
ہے رسولِ خدا ہو یہ اُن کا بیاں
بت کدوں میں بھی تو آج ہیجان ہے
رہ نہ پائیں گے وہ اب کبھی بھی یہاں
ہم خطا وار ہیں ہم کو اقرار ہے
بخشوا دیں گے رحمت سے ہم کو وہاں
قصد تم بھی مدینے کا کر لو مظہرؔ
پھر نہ رہ جاؤ پیچھے دوبارہ یہاں

اس منگتے کا کاسہ بھر دو
خواہش اس کی پوری کر دو
بلوا کے بغداد میں گھر دو
تم ہو قطبِ ربانی
آئے غوث پیا جیلانی
آئے غوث پیا جیلانی
کیوں نہ رشیدؔ ہو اُن پہ واری
فیض ہے جن کا سب پر جاری

فرمانِ امام حسن علیہ السلام

وہ بے ادب ہے جس کے پاس عقل نہ ہو، وہ بے مروت ہے جس کے پاس ہمت نہ ہو، وہ بے حیا ہے جس کے پاس دین نہ ہو۔

ٹرمپ کی کامیابی کی خبر نشر ہوتے ہی عالمی اسٹاک مارکیٹ کریش کر گئیں، ٹرمپ کی آمد تیسری عالمی جنگ شروع کروانے کی پہلی سازش

9/11 سے امریکہ نے دنیا کو پریشان کیا اور اب 11/9 سے امریکہ پریشانی کے دور میں داخل ہو چکا ہے۔

صدا بادشاہت اللہ تعالیٰ کی ہے۔ دُنیا میں جغرافیے اور حکمرانوں کے ملکوں میں اقتدار بدلتے رہتے ہیں۔ زنجانی جنتری 2017ء میں ٹرمپ کے مقابلے میں ہم نے ہیلری کی پیش گوئی کی تھی جو ڈرامائی انداز سے درست نہ ہو سکی۔ اس کے ساتھ ہی امریکہ کی آزاد تجزیہ نگاروں اور منجمین کی پیش گوئیاں بھی درست ثابت نہ ہوئیں۔ اس کا سبب امریکی جمہوریت کا انوکھا الیکشن ہے۔ یہودی لابی اور سی آئی اے کی سازش [illegible] زیادہ ووٹ لینے والی ہیلری کو ہرا کر کم ووٹ لینے والے ٹرمپ کو جیتوا دیا گیا۔ اب امریکہ کا اللہ ہی حافظ ہے۔

ہمارے حسابات کا دارومدار علم نجوم میں شخصیت [illegible] ہوتا ہے۔ انٹرنیٹ پر کم و بیش ہیلری اور ٹرمپ کے درجنوں مختلف تواریخ اور اوقات پیدائش کے زائچے دستیاب ہیں۔ ہم نے جس زائچہ کو شخصیت کے مطابق درست جانا اس پر انحصار کیا۔ ان زائچوں میں ہیلری کا زائچہ طاقتور اور ٹرمپ کا کمزور تھا۔ اس کا صاف مطلب لیا جاسکتا ہے۔ کہ ٹرمپ کا یہ زائچہ درست نہیں اور اس کا کچھ اور طاقتور قسم کا زائچہ ہے۔ تیز شدت پسند تو تھیں یہود و ہنود بھی ان کے ساتھ دنیا کا نقشہ بدلنے کے لئے پہلے گورباچوف کو روس کے لئے استعمال کرنے کے بعد اور اب ٹرمپ کو امریکہ کے لئے استعمال کرنا چاہیں گیں۔

مجسمہ آزادی امریکہ بھی شرم سے پانی پانی ہو گیا ہے۔

تازہ خبر کے مطابق امریکہ میں ٹرمپ کے خلاف مظاہرہ پھوٹ پڑے ہیں۔

پاکستانی (نیوٹی وی رپورٹ) 9 نومبر 2016ء اپنے خبرنامہ میں کچھ یوں ہے۔

☆ ہیلری کلنٹن ووٹ 60,981,118 ☆ ڈونلڈ ٹرمپ ووٹ 60,350,241 Electoral Votes ☆ ہیلری کلنٹن ووٹ 228 ☆ ڈونلڈ ٹرمپ ووٹ 290 ہیلری کلنٹن ووٹ ٹوٹل 48.9% ڈونلڈ ٹرمپ ووٹ 44.9% عوامی رائے کے مطابق ہیلری جیت چکی ہے لیکن الیکٹرول ووٹ کے مطابق جو امریکہ کی ایک خاص کمیٹی جو یہ فیصلہ کرتی ہے اگلے صدر کا اس میں عام عوام کا کوئی کردار نہیں ہوتا اور آئین کے مطابق اس کو ترجیح دی جاتی ہے۔

☆ ٹرمپ کا اصل نام داؤد ابراہیم ہے۔ ☆ پیدائش 14 جون 1946ء بمقام شوال شمالی وزیرستان پاکستان میں ہوئی۔ ☆ 1954ء والدین کار حادثے میں ہلاک ہو گئے۔ ☆ 1955ء میں ایک آرمی کیپٹن نے گود لیا۔ ☆ ساتھ لندن لے گئے۔ اور وہاں سے آگے امریکہ کا سفر شروع ہوا۔

میڈیا کے مطابق ٹرمپ کے پیدائشی مقامات (1) جمیکا، (2) نیو یارک، امریکہ (3) شوال، پاکستان واللہ اعلم

پاکستان میں اگر دن ہو تو امریکہ میں رات ہوتی ہے۔ یوں بارہ منطقۃ البروج کا نقشہ ہی آسمان پر اُلٹ ہو جاتا ہے۔

علم نجوم سے فن پیش گوئی کوئی جذباتی بات نہیں ہوئی پیش گوئی کی بنیاد صاحب زائچہ کے نام تاریخ پیدائش اور وقت مقام سے کی جاتی ہے۔

درست جوابات غلط زائچہ کے جوابات بھی غلط ہونے سے آئینہ قسمت اور زنجانی جنتری 2017ء میں کی گئی پیش گوئی کی صحت کو ہم خوش دلی سے تسلیم کرتے ہیں۔ عام قاری تو شائد سمجھ نہ پائے مگر علم نجوم کا ادنیٰ سا طالب علم بھی ہماری بات آسانی سے سمجھ سکتا ہے۔

عالمی و سیاسی پیشگوئیاں
دسمبر 2016ء

زائچہ نیو مون — بحساب ویدک — 30 ثور 19

بتاریخ 29 نومبر بوقت 17 بجکر 17 منٹ بمقام اسلام آباد

بتاریخ 14 دسمبر بوقت 5 بجکر 5 منٹ بمقام اسلام آباد

مخالفانہ سیاست کا رُخ موڑنے، سیاسی افراتفری اور انتشار سے پریشان حال عوام اور ملکی اداروں کے استحکام کے لئے عدلیہ اہم کردار ادا کرے

زائچہ (نیو مون):۔ نیومون زائچے میں ساتویں قمر تیسرے اور شمس چوتھے گھر کا حاکم ہمراہ یہاں زحل ہونے سے حکومت اور اپوزیشن میں مطالبات کے سلسلہ میں ہم آہنگی پیدا نہ ہو۔ نیومون کا قمر درعقرب میں ہونا اپوزیشن حکومت اور عدلیہ کے مابین پانامہ لیک احتساب اسکینڈل میں نئے نئے حیرت انگیز انکشافات اور اپوزیشن کے بہت سارے لوگوں کو ملوث کرنے کی کوشش و سازیشیں نمایاں رہیں۔ ساتویں بارہویں کا مشترکہ حاکم مریخ شرف یافتہ ہونے نویں سے فوجی عدالتوں سے بھی دہشت گردی کے مجرموں کو سخت سزائیں دی جائیں۔ زحل عدلیہ اور حکمرانوں کا حاکم ہوتے ہوئے عدلیہ کی ذمہ داریوں میں اضافہ اور سنجیدگی دیکھنے میں آئے۔ دوسرے پانچویں کا حاکم عطارد اور طالع اور چھٹے کا حاکم زہرہ مشترکہ طور پر آٹھویں نحس گھر میں ہونے سے ادبی، ثقافتی، فلمی، ریڈیو، ٹی وی اور پبلشنگ سے متعلقہ نامور افراد کی اموات بیماریوں کا اندیشہ اور مالی کرپشن، بینکوں کے مزید اسکینڈل منظرِ عام پر آئیں۔ ذرائع ابلاغ کے اِداروں، اخبارات خصوصاً الیکٹرانک میڈیا میں پیمرا کا چیک اینڈ بیلنس بڑھنے سے بعض میڈیا چینل کو خلاف ورزی پر جرمانہ کیا جاسکے۔ اسٹاک مارکیٹوں میں اُتار چڑھاؤ، مہنگائی میں اضافہ مرکزی اور صوبائی حکومتی خزانے کی فضول خرچیاں زیر بحث رہیں۔ کشمیر پاک بھارت کنٹرول لائن پر گولہ باری سے سرحدی کشیدگی میں اضافہ۔ راہو چوتھے اور کیتو دسویں ہونے سے طالع اور ساتویں پر اثرانداز ہوتے ہوئے ملکی خارجہ پالیسی کو بہتر چلانے کیلئے ایک مکمل وزیر خارجہ کی ضرورت کو شدت سے محسوس کیا جائے۔ اور حکومت تنقید سے بچنے کیلئے خارجہ معاملات میں بہتری لانے پر مجبور ہو۔ حکومت اور اپوزیشن کی ہنگامہ آرائی سے عوام حیران اور پریشان اور عدم احساس تحفظ پہلے سے بڑھے۔

زائچہ (فل مون):۔ فل مون زائچہ میں نویں عدلیہ کا حاکم ساتویں شرف یافتہ ہونے سے عدلیہ میں جاری اہم مقدمات کا فیصلہ پاکستانی خارجہ پالیسی میں نظریاتی بہتری اور شدت سے وزیر خارجہ کی ضرورت کو محسوس کیا جائے ملکی معیشت دوسرے کا مالک مشتری گیارہویں اور گیارہویں پارلیمنٹ کا مالک عطارد دوسرے گھر گھر بندھن یوگ پارلیمانی اور الیکشن نظام کی خامیوں کو دور کرنے کے لئے حکومت اپوزیشن مشترکہ کوششیں ملکی درآمدات کے مقابلے میں برآمدات میں کمی کے سبب حکومتی تجارتی نظام پر تشویش کا اظہار ورلڈ بینک معاشی اصلاحات اور انکم ٹیکس کے نظام کو بڑھانے کے لئے معاونت دے گا طالع میں شمس زحل قران چوتھے میں مریخ کیتو کا قیام زائچہ کے حساس مقامات کو ناظر ہونے سے غیر متوقع سیاسی تبدیلیوں کا اشارہ ہے۔ حکومت اور اپوزیشن کی رسّہ کشی کے نتائج عدلیہ نکالے جسے فریقین ماننے پر مجبور ہوں۔

دیگر ممالک:۔ افغان امریکی حکام کی حدوُد میں سرکاری افغانی اور امریکی تنصیبات میں آتشزگی افراد کی ہلاکتوں میں اچانک اضافہ سے تشویش بڑھے۔ عرب ممالک کویت، قطر، بحرین، عمان، امارات سربراہان کے آپس میں رابطے بڑھیں۔ سعودی عربیہ، اردن، یمن، مصرین خطہ میں امریکی بڑھتی ہوئی عسکری قوت اور وسائل پر قبضہ کے اندیشے کے سبب تشویش بڑھے داعش عراق، شام میں اپنی عسکری کارروائیاں جاری رکھیں جنوبی ایشیاء میں بھی داعش کے خطرات میں مسلسل اضافہ سپر پاور کی ملی بھگت اور اسلامی ممالک کے لئے لمحہ فکریہ ہوگا۔ روسی، امریکی بحری بیڑوں کی سمندری نقل وحمل میں اضافہ کسی تیسری عالمی جنگ کا شاخسانہ ہوسکتا ہے۔ اقوام متحدہ کے مبصرین کا کردار جنگ کی روک تھام امن کرانے کے لئے نہایت اہم ہوگا۔

قمر در عقرب

اس نحس وقت کی ابتداء 23 دسمبر 19 بجکر 32 منٹ، خاتمہ 26 دسمبر 08 بجکر 18 منٹ تک رہے گی۔ اس دوران آئمہ معصومینؑ کے نزدیک کوئی بھی نیا کام شادی بیاہ کرنا ہرگز نیک نہیں ہے۔

امریکا کے تاریخ ساز انتخابات اپنے اختتام کو پہنچے، ہماری توقع اور پیش گوئی کے برخلاف ہیلری کلنٹن کے بجائے مسٹر ڈونالڈ ٹرمپ کامیاب رہے اور اب آئندہ امریکا کے صدر ہوں گے۔

عزیزان من! تقریباً تین ماہ قبل ہم نے دونوں حریف امیدواروں کے زائچے پیش کیے تھے اور دونوں کی شخصیت و کردار پر روشنی ڈالی تھی، ساتھ ہی دونوں کے زائچوں کی ٹرانزٹ پوزیشن اور پیریڈ پوزیشن کو مدنظر رکھتے ہوئے، ہیلری کلنٹن کی جیت کا امکان ظاہر کیا تھا لیکن ایسا نہیں ہوا، اس کی وجہ یہی ہے کہ عام طور پر مشہور شخصیات کی تاریخ پیدائش یا وقت پیدائش آسانی سے دستیاب نہیں ہوتے، پاکستان میں تو تاریخ پیدائش کا حصول بھی مشکل ہوتا ہے لیکن مغرب میں کم از کم تاریخ پیدائش درست معلوم ہو جاتی ہے لیکن وقت پیدائش کا معاملہ پھر بھی مشکوک رہتا ہے۔

اس حوالے سے دنیا کی سب سے بڑی سائٹ Astro Data Bank بڑی مددگار ثابت ہوتی ہے کیوں کہ اس میں دنیا کے تمام ممالک اور تقریباً تمام مشہور شخصیات کے برتھ چارٹ محفوظ کیے گئے ہیں اور تاریخ پیدائش یا وقت پیدائش مشکوک ہونے کی صورت میں ایک سے زیادہ برتھ چارٹ دے دیے جاتے ہیں، ہم نے بھی اسی سائٹ سے مدد لی تھی جہاں ہیلری کے ایک سے زیادہ زائچے موجود ہیں، اس موضوع پر دنیا کے بے شمار ایسٹرولوجرز صاحبان اپنے اپنے طور پر ان زائچوں پر رائے دیتے رہے ہیں اور تقریباً 75 فیصد ماہرین اس بات پر متفق تھے کہ ڈونالڈ ٹرمپ کے مقابلے میں ہیلری کلنٹن کے زائچے کی پوزیشن زیادہ بہتر ہے اور ان کی کامیابی یقینی ہے۔

ایسٹرو ڈیٹا بینک کے مطابق ہیلری کی تاریخ پیدائش 26 اکتوبر 1947ء ہے، یہی تاریخ وکی پیڈیا پر بھی دی گئی ہے، جہاں تک ٹائم کا تعلق ہے تو اس حوالے سے اختلافات موجود ہیں، صرف آسٹرو ڈیٹا بینک پر پیدائش کا وقت صبح 8 بجے، صبح 08:08am اور 08:15am دیا گیا ہے، یہی صورت حال مسٹر ڈونالڈ کے ٹائم آف برتھ کی بھی ہے، جب کہ ہیلری کا ایک ٹائم رات کا بھی دیا گیا ہے، ان تمام اوقات میں سے کسی ایک ٹائم کے مطابق بنائے گئے زائچے پر آئندہ کی پیش گوئی کا انحصار ہوتا ہے مگر واضح رہے کہ بعض اوقات چند منٹ کے فرق سے رواں پیریڈ آگے پیچھے ہو جاتا ہے، ایسٹرولوجیکل پریکٹس کرنے والے اس مسئلے کو سمجھ سکتے ہیں۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ دونوں کے زائچوں کے مطابق ان کی شخصیت و کردار کو مدنظر رکھتے ہوئے اور مسٹر ڈونالڈ کی مسلم دشمنی اور ہندو پرستی کے پیش نظر ہمارا ذاتی رجحان اور ہمدردی ہیلری کلنٹن سے ہونا لازمی تھا، چناں چہ ہم نے ان کا پیدائش کا ٹائم 08:45 am رکھا جس کے مطابق 26 ستمبر سے مشتری کا دور شروع ہوتا ہے، جب کہ اگر وقت 08:08 am یا 08:15 am لیا جائے تو الیکشن کے وقت راہو کا دور تھا جو بہر حال ناموافق اور نہایت منحوس تھا کیوں کہ راہو اپنے ہبوط کے برج میں ہے، ہمیں یہ اعتراف کرنے میں کوئی

جھجک نہیں ہے کہ ہیلری کی محبت اور ڈونالڈ کی مخالفت میں ہم نے اس حقیقت پر غور نہیں کیا، نتیجہ اب ہم سب کے سامنے ہے۔

اس سے قطع نظر کہ ہمارا اندازہ غلط ثابت ہوا اور ہیلری کے بجائے مسٹر ڈونالڈ کامیاب ہوئے، دونوں کے کردار کے حوالے سے ہماری رائے اب بھی وہی ہے جو ان کے زائچوں کی ریڈنگ میں دی گئی تھی۔

مسٹر ڈونالڈ ٹرمپ ہیلری کے مقابلے میں زیادہ جارحانہ مزاج کے حامل اور منفی شخصیت کے مالک ہیں، خصوصاً مسلم دنیا کے لیے کوئی نرم گوشہ نہیں رکھتے، بھارت کی جانب ان کا کھلا جھکاؤ اور ان کی کامیابی کے لیے امریکا میں موجود ہندو لابی کی کوششیں کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں ہے، کہا جاتا ہے کہ وہ چین مخالف اور کسی حد تک روس دوستی کے حق میں ہیں، اگرچہ کامیابی کے بعد انہوں نے یہ کہا ہے کہ میں تمام مذاہب سے بہتر تعلقات اور رواداری کا مظاہرہ کروں گا، اب یہ آنے والا وقت بتائے گا کہ وہ عملی طور پر کتنے روادار ثابت ہوتے ہیں۔

عزیزان من! اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں ہے کہ دنیا تبدیلی کے ایک بڑے مرحلے سے گزر رہی ہے، اس مرحلے کا آغاز تقریباً 2010ء میں ہوا تھا، جب سیارہ یورینس برج حمل میں داخل ہوا اور پھر پلوٹو بھی برج جدی میں اور نیپچون برج حوت میں ایک طویل عرصے کے لیے قیام پذیر ہوئے، بڑے سیارگان کا طویل عرصے تک کسی ایک برج میں قیام اور بیک وقت تین اہم سیارگان کے برج کی تبدیلی کسی نئی پیش رفت کی نشان دہی کرتی ہے، یہ تبدیلیاں اچانک اور یکدم سامنے نہیں آتیں، بقول شاعر۔

وقت کرتا ہے پرورش برسوں
حادثہ اک دم نہیں ہوتا

مسٹر ڈونالڈ ٹرمپ کا صدر امریکا بننا ہمارے نزدیک ایسا ہی ہے جیسا پچھلی صدی کے آغاز میں جرمنی کے ایڈولف ہٹلر کا کامیاب ہونا، مسٹر ٹرمپ نے بھی الیکشن میں کامیابی کے لیے کچھ ایسے ہی حربے استعمال کیے جیسے ہٹلر نے کیے تھے، اس نے پہلی جنگ عظیم کے حوالے سے جرمنی کی مظلومیت کا ماتم کر کے لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کیا، مسٹر ٹرمپ نے دوسری قوموں کی امریکا پر یلغار کو موضوع بنایا اور انہیں امریکا سے نکالنے یا ان کی مزید آمد پر پابندی لگانے کا نعرہ بلند کیا، عام امریکی جو کمزور امریکی معیشت کے سبب پچھلے چند سالوں میں ملازمتوں کے حصول میں پریشان ہو رہے تھے، ٹرمپ کی اس چال میں آگئے، مزید یہ کہ ٹرمپ نے کالے اور گورے کی تفریق کو بھی نمایاں کیا۔

امریکا میں مقیم ہمارے ایک قریبی دوست نے بتایا کہ میں جب ووٹ ڈالنے گیا تو یہ دیکھ کر حیران رہ گیا کہ امریکی بوڑھوں کی بہت بڑی تعداد ووٹ ڈالنے کے لیے قطاروں میں کھڑی ہے جب کہ ینگ جنریشن کا دور دور تک نام و نشان نہ تھا، واضح رہے کہ پرانی نسل کے لوگ رنگ و نسل کے معاملے میں زیادہ شدت پسند ہیں جب کہ نئی نسل ان باتوں کو زیادہ اہمیت نہیں دیتی، چند سال پہلے ہی باراک اوباما کی مسلسل دو بار کامیابی نے گوروں کو بہت بدمزہ کیا ہے۔

ایک زمانہ تھا کہ وہ وہائٹ ہاؤس کے آس پاس بھی کسی کالے کو برداشت نہیں کرتے تھے، کجا یہ کہ ایک کالا آدمی وہائٹ ہاؤس میں گھس گیا اور 8 سال تک ان کے سینے پر مونگ دلتا رہا۔

جیسا کہ پہلے بھی ہم مسٹر ٹرمپ کی منفی سوچ کے حوالے سے نشان دہی کر چکے ہیں اور اس کا ثبوت کاروباری معاملات میں ان کی کرپشن کے بہت سے قصے اور جارحانہ مزاجی کے کئی واقعات مشہور ہیں، ایسے شخص کے امریکی صدارت پر براجمان ہونے کا مطلب کسی تیسری عالمی جنگ کے لیے میدان ہموار ہونا ہے کیوں کہ بہر حال تیسری عالمی جنگ کا خدشہ 20-2019ء میں ظاہر کیا جا رہا ہے، بین الاقوامی ماہرین نجوم ان سالوں کو عالمی جنگ کے حوالے سے خطرناک قرار دے رہے ہیں۔ واللہ اعلم بالصواب۔

یہ قاعدہ مستحصلہ میں جناب محترم واجب الاحترام بزرگ سید ضیاء الدین شاہ صاحب آف ڈیرہ غازی خان کے نام کرتا ہوں جن کی دعاؤں کی وجہ سے مجھے یہ پیش گوئیاں کرنے کی سعادت نصیب ہوئی۔ یاد رہے کہ یہ بزرگ ہستی عالم و جفار ہے۔

سوال:۔ **یا علیم** کیا پاکستان کے جنرل راحیل شریف کو مدت ملازمت میں توسیع ملے گی؟

26۔اگست سن دو ہزار سولہ وک **2016** دی ب غ

نمبرشمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹
اساس	ک	ی	ا	ب	س	ت	ن	ج	ر	ل	ح	ش	ف	و	م	د	ز	ع	غ
صدرمؤخر	ک	غ	ی	ع	ا	ز	ب	د	س	م	ت	و	ن	ف	ج	ش	ر	ح	ل
مؤخرصدر	ل	ک	ح	غ	ر	ی	ش	ع	ج	ا	ف	ز	ن	ب	و	د	ت	س	م
نظیره	ض	ذ	ت	ن	و	خ	ز	ب	ف	س	ج	ش	غ	غ	ر	ص	ح	ا	ظ
الجواب	م		د		ت		م		ت		ک		ھ		م		ل		ی
		س		ب		ی		ر		و		ب		م		و		ی	

مدت مت کہہ ملے یوم پورے بس

سوال:۔ **یا علیم** اگر جنرل راحیل شریف کو مدت ملازمت میں توسیع نہ ملی تو کیا پھر بھی وزیر اعظم نواز شریف کی حکومت اپنی آئینی مدت پوری کرے گی؟

26 وک اگست **2016** دی ب غ

نمبرشمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱
اساس	ا	ک	ر	ج	ن	ل	ح	ی	ش	ف	و	م	د	ت	ز	س	ع	ھ	ب	ظ	غ
صدرمؤخر	ا	غ	ک	ظ	ر	ب	ج	ھ	ن	ع	ل	س	ح	ز	ی	ت	ش	د	ف	م	و
مؤخرصدر	و	ا	م	غ	ف	ک	د	ظ	ش	ر	ت	ب	ی	ج	ز	ھ	ح	ن	س	ع	ل
نظیره	ر	س	ظ	ن	ج	ذ	ص	م	ز	و	ح	ع	خ	ف	ش	ق	ت	غ	ا	ب	ض
الجواب	م		ک		م		ل		ک		ر		ی		ح		ک		و		م
			ر	م		ا		ی		ھ		ک		د		ھ		ع		ت	

مکمل کرے حکومت عہد (وقت) کہیئے امر

جشنِ عید میلادالنبیؐ کے حوالے سے خصوصی تحریر

حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یکتائی

انتخاب تحریر: شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی

ترے خُلق کو حق نے عظیم کہا تری خَلق کو حق نے جمیل کیا
کوئی تجھ سا ہوا ہے نہ ہوگا شہا ترے خالقِ حسن و ادا کی قسم

لاکھوں چاہنے والوں نے ان کے عارضِ تاباں کو نزاکتِ گل...... لہراتے گیسوؤں کو گھنگھور گھٹاؤں...... میٹھی آواز کو بہتے جھرنوں...... تبسم ریز ہونٹوں کی نرمی کی کھلتی کلیوں...... اسرارِ کائنات کی امین آنکھوں کو گہری جھیلوں...... چمکتے ہوئے دانتوں کو مسکراتی چاندنی...... اور قدِ انور کو سروِ جانفزاء سے تشبیہیں دے کر دیکھا، مگر وہ تو ہر تخیل و تصور سے ماورالنظر آئے۔

فرطِ حیرت سے نگاہیں کھلی کی کھلی ہیں، خامہ انگشت بدنداں ہے، ناطقہ سر بگریباں ہے، نہاں خانہ دل سے آواز اٹھتی ہے۔

حیراں ہوں میرے شاہ میں کیا کیا کہوں تجھے

ہر خوب سے خوب تر چیز اس عالم امکاں کی باسی ہے۔ وہ تو اس عالم ممکنات سے قبل وراء الوراء ہیں...... کیا وہ واجب ہیں؟ نہیں! ہیں تو ممکن ہی مگر ان کے خالق حسن وادا نے ان کے لیے اور دائرہ امکان تشکیل دیا ہے۔ اس لیے کہ ان کی مثلیت کی گنجائش ہی نہ رہے۔ پھر یہ تشبیہات ان کے حسن جہاں آرا کی کیسے عکاسی کر سکتی ہیں؟ کیسے احاطہ کر سکتی ہیں؟ وہ مخلوقات ارض وسما میں بے نظیر ہیں...... ہر انداز میں...... ہر جہت میں...... فضائل میں...... شمائل میں...... خصائل میں

اَجمَلَ مِنکَ لَم تَرَقَطُّ عَینِی اَحسَنَ مِنکَ لَم تَلِدِ النِّسَاءٗ
خُلِقتَ مُبَرَّا مِّن کُلِّ عَیبٍ کَاَنَّکَ قَد خُلِقتَ کَمَا تَشَاءٗ

فضائلِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

امور خمسہ و خاصہ مصطفیٰؐ ہیں: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ حضورؐ نے ارشاد فرمایا:

اُعطِیتُ خَمسًا لَم یُعطَهُنَّ اَحَدٌ قَبلِی نُصِرتُ بِالرُّعبِ مَسِیرَةَ شَهرٍ وَجُعِلَت لِیَ الاَرضُ مَسجِدًا وَطُهُورًا فَاَیُّمَا رَجُلٍ مِن اُمَّتِی اَدرَکَتهُ الصَّلٰوةُ فَلیُصَلِّ وَاُحِلَّت لِیَ الغَنَائِمُ وَلَم تَحِلَّ لِاَحَدٍ قَبلِی وَاُعطِیتُ الشَّفَاعَةَ وَکَانَ النَّبِیُّ یُبعَثُ اِلٰی قَومِهٖ خَاصَّةً وَبُعِثتُ اِلَی النَّاسِ عَامَّةً

”مجھے پانچ اشیاء ایسی عطا ہوئیں جو مجھ سے پہلے کسی پیغمبر کو نہیں ملیں۔ (1) ایک مہینہ کی راہ تک رعب کے ذریعے میری مدد فرمائی گئی۔ (2) میرے لیے تمام روئے زمین مسجد اور پاکیزہ فرما دی گئی، میرے جس امتی پر نماز کا وقت آئے وہ وہیں پڑھ لے۔ (3) میرے لیے مالِ غنیمت حلال فرما دیا گیا حالانکہ مجھ سے پہلے نہیں تھا۔ (4) مجھے شفاعت (کبریٰ) عطا کی گئی۔ (5) ہر نبی اپنی قوم کی طرف مبعوث ہوا اور میں تمام انسانوں کی طرف مبعوث ہوا ہوں۔ (بخاری کتاب التیمم)

اس حدیث کی گواہی قرآن مقدس دے رہا ہے۔

وَمَآ اَرسَلنٰکَ اِلَّا کَآفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِیرًا وَّنَذِیرًا

”ہم نے آپ کو تمام انسانوں کے لیے بشیر و نذیر بنا کر بھیجا“۔

خُتِمَ بِیَ النَّبِیُّونَ ”میں آخری نبی بن کر جلوہ گر ہوا“۔

وَلٰكِنۡ رَّسُوۡلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ

''اور مگر اللہ کے رسول اور آخری نبیؐ''۔

ان احادیث میں پانچ یا چھ کا عدد حصر کے لیے نہیں بلکہ اس کا معنی یہ ہے کہ یہ خصوصی فضیلتیں ہیں جو آپؐ کے علاوہ کسی اور نبی کو نہیں ملیں اور آئندہ تو ملنے کا احتمال ہی نہیں کیونکہ کوئی نبی نہیں ہوگا۔ ویسے اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو اور بہت سی وجوہات کی بنا پر افضل واعلیٰ مبعوث فرمایا:

فَضَّلۡنَا بَعۡضَهُمۡ عَلٰى بَعۡضٍ

''ہم نے بعض کو بعض پر فضیلت عطا فرمائی''۔

تمام رسول اور پیغمبر نفس رسالت اور نفس نبوت میں برابر ہیں مگر فضائل و کمالات، مقامات و معجزات اور محامد و محاسن میں ہمارے محبوب تمام انبیاء و رسل کے تاجدار، امام اور مقتدا بن کر آئے۔ آپ ذات و صفات کے لحاظ سے جملہ داعیان حق کے جامع ہیں۔ یہی نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی جلالی اور جمالی صفتوں کے مظہر کامل ہیں۔ دیگر انبیاء میں سے بعض خلت، کلام اور صفوت سے نوازے گئے مگر آپ کو ان انعامات کے ساتھ ساتھ مقام محبوبیت اور مرتبہ ناز پر فائز فرمایا گیا۔

ملک کونین میں انبیاء تاجدار
تاجداروں کا آقا ہمارا نبیؐ

تحفۂ جاوداں: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا کہ انبیاء کی جماعت میں کوئی نبی نہ تھے مگر انہیں اتنے معجزات دیے گئے جتنے لوگ ان جیسے معجزوں پر ایمان لائے۔

وَاِنَّمَا كَانَ الَّذِيْ اُوْتِيْتُ وَحْياً اَوْحَى اللّٰهُ اِلَيَّ فَارْجُوْ اَنْ اَكُوْنَ اَكْثَرَهُمْ تَابِعًا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

''اور جو خصوصی اعجاز مجھے حاصل ہوا اور وہ وحی ہے جو اللہ نے میری طرف بھیجی تو میں امید واثق رکھتا ہوں کہ روز حشر میرے پیروکار زیادہ ہوں گے۔''

(البخاری شریف)

یہ حدیث مسلم شریف میں بھی موجود ہے۔ دراصل ہر نبی کو اس کے دور کے مخصوص تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے کمالات تفویض ہوئے۔ مثلاً دور عیسوی میں طب یونانی نے تحیر خیز نتائج مرتب کیے مگر تین امراض کے علاج میں مجبور محض نظر آئی۔ اللہ تعالیٰ نے ان امراض کا علاج سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کے دست نبوت میں ودیعت فرمایا۔

وَاُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ وَاُحْيِ الْمَوْتٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ

''میں اللہ کے اذن سے اندھوں کو آنکھیں، برص والوں کو شفا اور مردوں کو زندگی دیتا ہوں۔''

یعنی کمالات نبوت کے سامنے یونانی طب کے طلسم آفرین اثرات بھی چراغ سحری کی طرح ٹمٹمانے لگے۔ ہمارے محبوب چونکہ تمام جہانوں کے لیے راہنما بن کر تشریف لائے اس لیے آپ کو قرآن پاک جیسا عظیم الشان تحفہ عطا فرمایا گیا۔ آپ کا دور فصاحت و بلاغت کا آئینہ دار تھا اور اس کے بعد کا دور تا قیامت ترقی و عروج، ایجادات و اختراعات اور جدید علوم و فنون کا حامل ہے۔ لہٰذا اللہ تعالیٰ نے اس کتاب میں اس قدر بلاغت و جامعیت سمو کر رکھ دی ہے کہ جو اس جہان تگ و دو کے جمیع پہلوؤں کا احاطہ کیے ہوئے ہے۔ سیاسی، معاشی، معاشرتی، سماجی، مذہبی، سائنسی، عسکری الغرض ہر شعبہ حیات کے لیے راہنمائی کے اصول واضح کرتی ہے۔

وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ۔

''ہر خشک و تر کا بیان اس کتاب منورہ میں موجود ہے''۔

یہ تحفہ جاوداں ہے جس سے قیامت تک حضور کی عظمت و جلالت جلوہ خورشید کی طرح ظاہر ہوتی رہے گی۔

بجھ گئیں جس کے آگے سبھی مشعلیں
شمع وہ لے کر آیا ہمارا نبیؐ

تاجدارِ ختم نبوتؐ: حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضورؐ نے فرمایا:

مَثَلِيْ وَمَثَلُ الْاَنْبِيَاءِ كَمَثَلِ قَصْرٍ اُحْسِنَ بُنْيَانُهٗ تُرِكَ مِنْهُ مَوْضِعُ لَبِنَةٍ فَطَافَ بِهِ النُّظَّارُ يَتَعَجَّبُوْنَ مِنْ حُسْنِ بُنْيَانِهٖ اِلَّا مَوْضِعَ تِلْكَ اللَّبِنَةِ فَكُنْتُ اَنَا سَدَدْتُ مَوْضِعَ اللَّبِنَةِ خُتِمَ بِيَ الْبُنْيَانُ وَخُتِمَ بِيَ الرُّسُلُ وَفِيْ رِوَايَةٍ فَاَنَا اللَّبِنَةُ وَاَنَا خَاتِمُ النَّبِيّٖنَ۔

''میری اور دوسرے انبیاء کی مثال یوں ہے جیسے ایک محل کی بہت اچھی تعمیر کی گئی اور اس میں ایک اینٹ کی جگہ چھوڑ دی گئی۔ دیکھنے والے چکر لگاتے اور متعجب

ہو کر دیکھتے کہ یہ خالی جگہ پُر ہو جاتی۔ میں نے اینٹ کی جگہ پُر کر دی۔ مجھ پر انبیاء ورسل کا طویل سلسلہ ختم ہو گیا۔'' (بخاری کتاب الانبیاء)

یہ حدیث مسلم شریف میں بھی مروی ہے اور اَنَا خَاتِمُ النَّبِیِّیْنَ والے الفاظ ترمذی شریف میں وارد ہیں۔ اس حدیث پہ غور کریں تو تمام خود ساختہ نبوت کا دعویٰ کرنے والے کذابوں کے مکر و جل کی دھجیاں ہر سمت بکھری ہوئی نظر آتی ہیں اور آفتاب ختم نبوت تمام تر تابانیوں کے ساتھ دمکتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ آپ کے غیر محدود عرصہ رسالت میں جناب روح اللہ علیہ السلام امتی کی حیثیت سے شامل ہوں گے تو باقی اندھوں اور کافروں کی کیا وقعت

چہ نسبت خاک را با عالم پاک

سبحان اللہ! نبوت و رسالت کے اس قصر نورانیت کی نزہت ہمارے نبی کے دم قدم سے قائم ہے اور اس کی سرگرمیاں انہیں کے وجود مسعود کی مرہون منت ہیں۔ یہ بھی ذہن نشین رہے کہ آخری بیٹا وہ ہے جس کے بعد کوئی پیدا نہ ہو۔ یہ لازمی نہیں کہ پچھلے سب بیٹے مر چکے ہوں۔ آپ کے آخری نبی ہونے کا مطلب یہ ہے کہ آپ کے زمانہ میں اور بعد کوئی نبی پیدا نہیں ہوگا۔ اگر پہلے کے کچھ نبی زندہ ہوں (جیسے حضرت عیسیٰ، الیاس، خضر اور ادریس علیہم السلام) تو آپ کی ختم نبوت پر اثر انداز نہیں۔ نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ ''خاتم النبیین'' ہونا مقام مدح میں انتہائی افضلیت کا باعث ہے۔ کیونکہ یہ منفرد مقام ہے اور اس کی وجہ سے بزم نبوت میں چہل پہل ہی نہیں بلکہ بعض کائنات بھی سرگرم خرام ہے۔

وہ جو نہ تھے تو کچھ نہ تھا، وہ جو نہ ہوں تو کچھ نہ ہو
جان ہیں وہ جہان کے، جان ہے تو جہان ہے

سرچشمہ بلاغت: حضورؐ نے فرمایا اُعْطِیْتُ جَوَامِعَ الْکَلِمِ ''مجھے جامع کلمات سے نوازا گیا''۔ (بخاری شریف)

''مسلم شریف'' میں اسے حضور کی خصوصی صفات میں شامل کیا گیا ہے۔ اس حدیث کا معنی یہ ہے کہ آپ کی گفتگو میں الفاظ بہت کم استعمال ہوتے ہیں مگر ایک ایک لفظ میں اسرار و معانی کا جہان آباد ہوتا تھا۔ وہ دور زبان دانی اور زور بیان سے متصف تھا۔ حتیٰ کہ اہل عرب تمام دنیا کو اپنے مقابلے میں عجمی یعنی گونگا سمجھتے تھے۔ ہمارے محبوب سرچشمہ بلاغت بن کر جلوہ فرما ہوئے اور بلاغت کا جلیل القدر شاہکار ساتھ لے کر آئے۔ خالق مطلق نے چیلنج کر دیا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ ''لاؤ اس کی مثال بس ایک سورۃ ہی''۔ یہ درست ہے کہ عربی شعراء بلغاء اور ادباء کے کلام، فلسفہ و حکمت کے لحاظ سے مرعوب کن تھے۔ لیکن جب سرچشمہ بلاغت اور مخزن فصاحت کی بہتے جھرنوں کی مانند میٹھی، تسلسل آمیز اور یقین پرور آواز سنائی دی تو سب ورطۂ حیرت میں ڈوب گئے۔ الفاظ و کلمات میں عواقب خیز جامعیت دیکھ کر نقش حیرت بن گئے۔ مثلاً مندرجہ ذیل احادیث پہ غور کریں:

(1) اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ
''عملوں کا دارومدار نیتوں پر ہے۔''

(2) اَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ كَاَنَّكَ تَرَاهُ فَاِنْ لَّمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَاِنَّهٗ يَرَاكَ
''اللہ کی عبادت کرو گویا تم اسے دیکھ رہے ہو اور اگر ایسا نہیں ہے تو یقین رکھو کہ وہ تمہیں دیکھ رہا ہے۔''

(3) اَلَا وَاِنَّ فِی الْجَسَدِ مُضْغَةً اِذَا صَلَحَتْ صَلَحَ الْجَسَدُ كُلُّهٗ وَاِذَا فَسَدَتْ فَسَدَ الْجَسَدُ كُلُّهٗ اَلَا وَهِیَ الْقَلْبُ
''خبردار! جسم میں ایک گوشت کا لوتھڑا ہے جب سنور جائے تو سارا جسم سنور جاتا ہے۔ اگر بگڑ جائے تو سارا جسم بگڑ جاتا ہے، وہ دل ہے''۔

(4) اَلْحَيَاءُ نِصْفُ الْاِيْمَانِ
''حیا کرنا آدھا ایمان ہے۔''

(5) مَنْ يَّضْمَنْ لِیْ مَا بَيْنَ لَحْيَيْهِ وَمَا بَيْنَ رِجْلَيْهِ اَضْمَنْ لَهُ الْجَنَّةَ
''جو مجھے اپنی زبان اور شرم گاہ کی ضمانت دے میں اسے جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔''

(6) اِذَا نَظَرَ اَحَدُكُمْ اِلٰی مَنْ هُوَ فُضِّلَ عَلَيْهِ فِی الْمَالِ وَالْخَلْقِ فَلْيَنْظُرْ اِلٰی هُوَ اَسْفَلَ مِنْهُ۔
''اے اپنے سے مال و حسن میں بڑھے ہوئے کو دیکھنے والے انسان ذرا اپنے سے گرے ہوئے کو بھی دیکھ''۔

مندرجہ بالا احادیث کے معانی پر غور کریں تو جامعیت کا سمندر ٹھاٹھیں مارتا نظر آتا ہے۔ چند الفاظ میں پوری انسانی زندگی کے معاشرتی، مذہبی، اصلاحی اور

حساتی گوشوں کی کس درجہ تصویر اتاری گئی ہے۔ گناہوں کی وجوہات، بچنے کے طریقے اور ان کے نتائج پر بحث کی گئی ہے۔ ایک ایک لفظ "حیات مستعار" کا عنوان بننے کے لائق ہے اور آپ کے سرچشمہ بلاغت ہونے کا بہترین ثبوت ہے اور ظاہر کررہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور کی ذات قدسیہ میں حکمت اور فلسفہ فطرت کے جملہ جواہر بے بہا جمع فرمادیے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ عرب کے بڑے بڑے دانشور، صاحب فہم اور فصیح و بلیغ افراد آپ کے سامنے طفل مکتب نظر آنے لگے۔

ترے آگے یوں ہیں دبے لچے فصحا عرب کے بڑے بڑے
کوئی جانے منہ میں زباں نہیں، نہیں بلکہ جسم میں جاں نہیں

آپ کی اس صفت مبارکہ کی شان اس وقت مزید اجاگر ہو جاتی ہے جب خالق بے نیاز بھی قرآن میں قسمیں اٹھاتا ہے۔

وَقِيْلِهٖ يٰرَبِّ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ لَّا يُؤْمِنُوْنَ

"مجھے رسول کے کہنے کی قسم کہ اے اللہ، یہ لوگ ایمان نہیں لاتے"۔

سردار بنی آدم: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا:

اَنَا سَيِّدُ الْقَوْمِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

"میں قیامت کے دن تمام انسانوں کا سردار ہوں"۔ (بخاری شریف)

حضرت جبیرؓ سے روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا:

اِنَّ لِيْ اَسْمَآءً اَنَا مُحَمَّدٌ وَاَنَا اَحْمَدُ وَاَنَا الْمَاحِي الَّذِيْ يَمْحُوا اللّٰهُ بِيَ الْكُفْرَ وَاَنَا الْحَاشِرُ الَّذِيْ يُحْشَرُ النَّاسُ عَلٰى قَدَمِيْ وَاَنَا الْعَاقِبُ وَالْعَاقِبُ الَّذِيْ لَيْسَ بَعْدَهٗ نَبِيٌّ۔ (بخاری کتاب التفسیر)

"میرے کتنے ہی نام ہیں۔ میں محمد اور احمد ہوں۔ میں ماحی ہوں کہ اللہ میرے ذریعے کفر کو مٹائے گا۔ میں حاشر ہوں کہ ساری نسل آدمیت میرے قدموں میں اکٹھی ہوگی اور میں سب سے آخر میں آنے والا ہوں۔ جس کے بعد کوئی نبی پیدا نہیں ہوگا"۔

یہ حدیث "مسلم شریف" میں بھی ہے۔ بخاری شریف کے علاوہ دیگر ایمان افروز احادیث ملاحظہ فرمائیں:

(1) اَنَا سَيِّدُ وُلْدِ اٰدَمَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا فَخْرَ وَبِيَدِيْ لِوَآءُ الْحَمْدِ وَلَا فَخْرَ وَمَا مِنْ نَبِيٍّ يَوْمَئِذٍ اٰدَمُ فَمَنْ سِوَاهُ اِلَّا تَحْتَ لِوَائِيْ

"قیامت میں، میں اولادِ آدم کا سردار ہوں گا۔ میرے ہاتھ میں حمد کا پرچم ہوگا اور تمام انبیاء اس کے سایہ تلے جمع ہوں گے۔ یہ میں فخر کے طور پر نہیں کہتا"۔ (ترمذی شریف)

(2) اَنَا اَكْرَمُ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ عَلَى اللّٰهِ وَلَا فَخْرَ

"میں اللہ کے نزدیک تمام اگلوں، پچھلوں میں بہتر و برتر ہوں، کوئی فخر نہیں"۔ (ترمذی، دارمی شریف)

(3) اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى كِنَانَةَ مِنْ وُلْدِ اِسْمٰعِيْلَ وَاصْطَفٰى قُرَيْشًا مِنْ كِنَانَةَ وَاصْطَفٰى مِنْ قُرَيْشٍ بَنِيْ هَاشِمٍ وَاصْطَفَانِيْ مِنْ بَنِيْ هَاشِمٍ

"اللہ تعالیٰ نے جو اولاد اسمٰعیل سے خاندان کنانہ، اس سے قریش، اس سے بنی ہاشم اور پھر بنی ہاشم سے مجھے چن لیا"۔ (مسلم شریف)

"ترمذی شریف" میں یہ ہے کہ ابراہیم علیہ السلام کی اولاد سے اسمٰعیل اور پھر ......(الخ)

(4) كُنْتُ اِمَامَ النَّبِيِّيْنَ وَخَطِيْبَهُمْ وَصَاحِبَ شَفَاعَتِهِمْ

"میں انبیاء کا امام، خطیب اور شافع ہوں"۔ (ترمذی شریف)

(5) اَنَا قَائِدُ الْمُرْسَلِيْنَ

"میں رسولوں کا پیشوا ہوں"۔ (دارمی و ترمذی و مشکوٰۃ شریف)

(6) فَاَنَا خَيْرُهُمْ نَفْسًا وَخَيْرُهُمْ بَيْتًا

"میں تمام "جہان والوں" سے اچھی ذات اور گھر والا ہوں"۔ (ترمذی شریف)

اللہ تعالیٰ نے ہمارے محبوب کو دنیا و آخرت کے تمام فضائل و کمالات سے نوازا اور روز حشر نرالی شان عطا فرمائی۔ ان احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ حضور اپنے متعلق جانتے ہیں کہ ان سے کیا ہونے والا ہے۔ یہ کہنا کہ آپ کو اپنا پتہ نہیں بارگاہِ رسالت پناہ میں کفر یہ جرأت ہے۔

ایک اور جگہ ارشاد ہوتا ہے:

وَالْمُقَفِّيْ وَنَبِيُّ التَّوْبَةِ وَنَبِيُّ الرَّحْمَةِ

"تمام پیغمبروں کے بعد آنے والا اور توبہ و رحمت کا نبی ہوں"۔

یہ آپ کے وہ اسماء گرامی ہیں کہ جو کسی اور کو میسر نہیں۔ "ترمذی شریف" میں ہے:

وَاَنَا مُبَشِّرُهُمْ اِذَا يَئِسُوْا اَلْكَرَامَةُ وَالْمَفَاتِيْحُ يَوْمَئِذٍ بِيَدِيْ

"اور میں یاس آلود چہروں کو بشارتیں دینے والا ہوں۔ قیامت میں بزرگی اور کنجیاں میرے ہاتھوں میں ہوں گی"۔

ان احادیث کی تائید قرآن حکیم سے بھی ہوتی ہے۔ محمد، احمد، مبشر، نبی، آخر اور رحمت عالمیاں جیسے القاب خالق مطلق نے خود بیان فرمائے ہیں۔

ترے تو وصف عیب تناہی سے ہیں بری
حیراں ہوں میرے شاہ میں کیا کیا کہوں تجھے

افق محشر پہ نیر فاراں کا طلوع:

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا: مومنین روز قیامت بہت غمگین ہوں گے اور کہیں گے کہ

لَوِ اسْتَشْفَعْنَا اِلٰى رَبِّنَا فَيُرِيْحُنَا مِنْ مَكَانِنَا

"ہم اپنے رب کی بارگاہ میں کوئی شفیع لاتے ہیں جو ہمیں اس کربناک ماحول سے نکالے"۔

وہ آدم، نوح، ابراہیم، موسیٰ اور عیسیٰ علیہم الصلوٰۃ والسلام کے پاس جائیں گے۔ سب پیغمبر یہی کہیں گے لَسْتُ هُنَاكُمْ "میں اس مقام کا نہیں" پھر سب عیسیٰ علیہ السلام کے بتانے پر حضور کی بارگاہِ بےکس پناہ میں حاضر ہوں گے۔ آپ فرمائیں گے کہ اَنَا لَهَا "میں اس کے لیے ہوں"۔ پھر حضور دربارِ حق میں سجدہ کریں گے اور حمد و ثنا کہیں گے۔ اللہ فرمائے گا:

يَا مُحَمَّدُ ارْفَعْ رَاْسَكَ وَقُلْ تُسْمَعْ وَسَلْ تُعْطَهْ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ

"اے محبوب اپنا سر اٹھاؤ اور عرض کرو تمہاری بات سنی جائے گی۔ مانگو عطا کیا جائے گا اور شفاعت کرو تمہاری شفاعت قبول ہوگی"۔

آپ چار مرتبہ حاضر ہوں گے اور رائی کے دانہ سے بھی کمتر ایمان رکھنے والے کو نارِ جہنم سے آزاد کروالیں گے۔ آخری بار عرض کریں گے:

يَا رَبِّ ائْذَنْ لِيْ فِيْمَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اے مولا مجھے اس کے متعلق بھی اجازت دے جس نے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہا ہو"۔

رب تعالیٰ فرمائے گا:

لَيْسَ ذَالِكَ لَكَ وَلٰكِنْ وَعِزَّتِيْ وَجَلَالِيْ وَكِبْرِيَائِيْ وَعَظَمَتِيْ لَاُخْرِجَنَّ مِنْهَا مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

"وہ تمہارا نہیں لیکن مجھے اپنی عزت و جلال اور کبریائی و عظمت کی قسم میں اسے ضرور دوزخ سے نکالوں گا جس نے کلمہ طیبہ پڑھا ہوگا"۔ (بخاری شریف)

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے:

اِنَّ النَّاسَ يَصِيْرُوْنَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ جُثًا كُلُّ اُمَّةٍ تَتْبَعُ نَبِيَّهَا يَقُوْلُوْنَ يَا فُلَانُ اشْفَعْ حَتّٰى تَنْتَهِيَ الشَّافَعَةُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَالِكَ يَوْمَ يَبْعَثُهُ اللّٰهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ

"لوگ گروہ در گروہ اپنے اپنے نبی کی خدمت میں حاضر ہوں گے اور شفاعت کی گزارش کریں گے۔ یہاں تک کہ شفاعت کی بات حضور کی بارگاہ میں کی جائے گی۔ اس روز اللہ تعالیٰ آپ کو مقام محمود پہ مبعوث فرمائے گا"۔

یہ احادیث "بخاری شریف" کے علاوہ "مسلم شریف" اور دیگر کتب احادیث و آثار میں بھی پائی جاتی ہیں۔ (۳)

حضورؐ نے فرمایا: انبیاء کرام کو ایک دعائے مخصوصہ جناب باری تعالیٰ سے ملی ہے کہ جو چاہو مانگ لو، بے شک دیا جائے گا۔ لَمْ يَبْقَ نَبِيٌّ اِلَّا اُعْطِيَ لَهٗ "تمام نبی اپنی دعا دنیا میں کر چکے"۔ وَاِنِّي اخْتَبَأْتُ دَعْوَتِيْ شَفَاعَةً لِاُمَّتِيْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ "اور میں نے اپنی دعا قیامت کے لیے اٹھا رکھی، وہ میری شفاعت ہے"۔ (بخاری شریف)

یہ حدیث "مسلم" اور "بخاری شریف" میں بھی مروی ہے۔ "بخاری شریف کتاب التفسیر" میں ہے کہ شفاعت کے بعد اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا اَدْخِلْ مِنْ اُمَّتِكَ مَنْ لَا حِسَابَ عَلَيْهِمْ مِنَ الْبَابِ الْاَيْمَنِ "اے محبوب اپنی امت کے ان لوگوں کو باب ایمن سے جنت میں داخل کردو جن کا حساب نہ ہوگا"۔

پھر فرمایا: "خدا کی قسم جنت کے ہر دروازے کا درمیانی فاصلہ اتنا ہے كَمَا بَيْنَ مَكَّةَ وَهَجَرَ جتنا مکہ مکرمہ اور (بحرین کے قصبہ) ہجر کے درمیان ہے۔

سبحان اللہ! کیسا پرکیف سماں ہوگا کہ جب ناامیدی اور بےقراری کے

دھند لکے ختم ہو جائیں گے اور حضور ٹوٹے ہوئے سپنوں کی تعبیر بن کو جلوہ فرما ہوں گے۔ جنت کا ہوش رُبا تخیل حقیقت بن کر سامنے آجائے گا۔ اعلیٰ حضرت کی آواز مایوسیوں کے پردے چاک کرتی ہوئی سنائی دے گی۔

صف ماتم اٹھے، خالی ہوں زنداں، ٹوٹی زنجیریں
گنہگارو چلو مولیٰ نے در کھولا ہے جنت کا

''مسلم شریف'' کی ہمت افزا احادیث صرف تشریحی نقطہ نظر سے پیش کرتا ہوں۔

(1) اَنَا اَکْثَرُ الْاَنْبِیَاءِ تَبَعًا یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَاَنَا اَوَّلُ مَنْ یَّسْتَفْتِحُ بَابَ الْجَنَّةِ

''قیامت کے دن میرے امتی سب سے زیادہ ہوں گے اور میں پہلے باب جنت وا کروں گا''۔

(2) خازن جنت عرض کرے گا: بِكَ اُمِرْتُ اَنْ لَّا اَفْتَحَ لِاَحَدٍ قَبْلَكَ

''مجھے حکم ہے کہ آپ کے سوا کسی اور کے لیے دروازہ نہ کھولوں''۔

ذرا دل پہ ہاتھ رکھ کر غور کرنے کی زحمت تو گوارا کریں کہ:

کتنا پر ہول، الم آفرین اور دردناک میدان ہوگا، طویل ترین دن، سروں پر آگ برساتا ہوا بے رحم آفتاب، دوزخ تمام تر قہر سامانیوں کے ساتھ انتہائی قریب، شدتِ گناہ کے باعث خمیدہ کمریں، پھٹی پھٹی سی آنکھیں، عرق ریز پیشانیاں، ڈگمگاتے جسم، طوقِ غم سے گردنیں بوجھل، دلوں کے آنگن میں چھائی ہوئی اُداسیاں، زبانوں سے ''اَلْعَطَش۔ اَلْعَطَش'' کی فریادیں، پسینے کے بحرِ بے کنار میں ڈبکیاں کھاتے ہوئے بے بس انسان، پلِ صراط سے اعماق جہنم میں گرتے روسیاہ وستم گار پھر ان کی تاریکیوں میں ڈوبتی ہوئی آہ و بکا، محشر کی پُر خار راہوں پہ تشنہ لب اور آبلہ پا لوگ، حساب میزان کا جاں سوز مرحلہ، قدم قدم پہ رکاوٹیں، نظر نظر میں حسرتیں، جگر جگر میں ناکام آرزوئیں، دریں اثناء افق قیامت پہ عیسیٰ علیہ السلام جلوہ گر ہوں گے اور شافعِ روز جزا کے آنے کی خبر دیں گے۔ ہاں! ہاں! بالکل اس نجم سحر کی طرح جو اندھیری رات کے ٹل جانے اور مہرِ تاباں کے طلوع ہونے کی بشارت سناتا ہے۔

پھر جب صبح اُمید سایہ افگن ہوگی، نیرِ فاراں کا جلوہ دیکھ کر ہر خطا کار بلبلا اٹھے گا۔

خدائے قہار ہے غضب پر کھلے ہیں بدکاریوں کے دفتر
بچا لو آ کر شفیعِ محشر تمہارا بندہ، عذاب میں ہے

امت کا حال دیکھ کر زلفیں کھل جائیں گی۔ مَا زَاغ کی آنکھیں آنسوؤں سے لبریز ہوں گی۔ وَالضُّحیٰ کی جبینِ ناز پر سجدہ نچھاور کرے گی تو عرشِ الٰہی بھی لرز جائے گا۔ رحمت کے ٹھہرے سمندر میں ہیجان سا برپا ہوگا۔ اہلِ حشر سراپا استفسار بن جائیں گے۔

اللہ، کیا جہنم اب بھی نہ سرد ہو گا
رو رو کے مصطفیٰ ؐ نے دریا بہا دیے ہیں

فطرت مژدۂ جانفزاء سنائے گی:

گنہگاروں کو ہاتف سے نویدِ خوش مآلی ہے
مبارک ہو شفاعت کے لیے احمد سا والی ہے

پھر آقائے بے کساں کے ایک اشارۂ ابرو سے زنجیریں ٹوٹ جائیں گی۔ دلوں کے مرجھائے غنچوں کو فردوس کی بادِ صبا سرسبز وشاداب کر دے گی اور ایک نہ ختم ہونے والا راحت آمیز اور سکون پرور سا زمانہ شروع ہو جائے گا۔ جب ان تمام حالات وواقعات کی تصویر کھینچ کر سوچتے ہیں کہ آخر یہ اتنا بڑا اہتمام کس لیے ہے؟ اگر امتحان ہی لینا ہے تو قادر مطلق کے سامنے کون سا دشوار ہے؟ چاہے تو عدل سے دوزخ میں ڈال دے اور چاہے تو رحمت ورافت سے جنت آشنا کر دے۔ پھر اس سوال کا بس ایک ہی جواب دماغ کی خوابیدہ دنیا میں روشنی بن کر چمکتا ہے۔

فقط اتنا سبب ہے انعقادِ بزمِ محشر کا
کہ ان کی شانِ محبوبی دکھائی جانے والی ہے

عظمتِ نورِ مصطفیٰ ﷺ

ازتحریر: محمد علی سلیمانی، ڈیرہ اسماعیل خان

اسی طرح وہ نور رفعت وجلال کے ساتھ گھومتا رہا یہاں تک کہ حق تعالیٰ نے اس کو پُشتِ آدمؑ میں جگہ دی پھر وہ منتقل ہوتا ہوا صلبِ نوحؑ میں پہنچا۔ اسی طرح وہ ایک کے بعد دوسرے طاہر صُلبوں میں منتقل ہوتا رہا۔ یہاں تک کہ خدا نے اس کو صلبِ عبداللہ بن عبدالمطلب میں جگہ دی۔

اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰهُ نُورِیْ کے مصداق حضرت ختمی مرتبت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ابتداء کے بارے میں اندازہ لگانا بھی ناممکن ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آپؐ کے نور مبارک سے ہی آغاز خلقت کیا۔ اور تمام مخلوقات کو آپؐ کے صدقے میں خلق کیا۔ آپؐ کی خلقت کے بارے میں انسان کچھ کہنے سے بے بس ہے۔ آپؐ کے نور کے بارے بعد از خلقت جو بیان ہوا ہے وہ مختصراً عرض خدمت ہے۔

امیر المومنین حضرت علی مرتضیٰؓ نے فرمایا کہ خداوند تعالیٰ نے جناب رسالتمآبؐ کا نور آسمانوں اور زمین، عرش وکرسی، لوح وقلم اور بہشت و دوزخ کی خلقت اور تمام پیغمبروں کی خلقت سے چار لاکھ چوبیس ہزار سال پہلے پیدا کیا۔ پھر اسی نور سے بارہ حجابات یعنی حجابِ قدرت، حجابِ عظمت، حجابِ منت، حجابِ رحمت، حجابِ سعادت، حجابِ کرامت، حجابِ منزلت، حجابِ ہدایت، حجابِ نبوت، حجابِ رفعت، حجابِ ہیبت اور حجابِ شفاعت خلق فرمائے اور اس نور مقدس کو حجابِ قدرت میں بارہ ہزار سال رکھا۔ وہ اس میں سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی کہتا تھا اور حجابِ عظمت میں گیارہ ہزار سال رکھا وہ اس میں سُبْحَانَ عَالِمَ السِّرِّ کہتا رہا اور حجابِ منت میں دس ہزار سال رکھا جس میں وہ سُبْحَانَ مَنْ هُوَ قَائِمٌ لَا يَلْهُوْ کہتا رہا اور نو ہزار سال حجابِ رحمت میں جگہ دی وہ اس میں سُبْحَانَ رَفِيْعُ الْاَعْلٰی کہتا رہا اور آٹھ ہزار سال حجابِ سعادت میں رکھا جہاں وہ سُبْحَانَ مَنْ هُوَ دَائِمٌ لَا يَسْهُوْ کہتا رہا۔ پھر حجابِ کرامت میں سات ہزار سال رکھا وہاں وہ سُبْحَانَ مَنْ هُوَ غَنِيٌّ لَا يَفْتَقِرُ کہتا رہا۔ پھر حجابِ منزلت میں چھ ہزار سال رکھا وہاں وہ سُبْحَانَ الْعَلِيْمُ الْكَبِيْرُ کہتا رہا۔ پھر حجابِ ہدایت میں پانچ ہزار سال رکھا جس میں وہ سُبْحَانَ ذِی الْعَرْشِ الْعَظِيْمُ کا وظیفہ پڑھتا رہا۔ پھر چار ہزار سال حجابِ نبوت میں رکھا۔ اس میں وہ سُبْحَانَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ پڑھتا رہا۔ پھر اس کو تین ہزار سال حجابِ رفعت میں مقیم کیا۔ وہ اس میں سُبْحَانَ ذِی الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ پڑھتا رہا۔ پھر دو ہزار سال حجابِ ہیبت میں رکھا جس میں وہ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ کہتا رہا۔ اس کے بعد آنحضرتؐ کا نام مبارک لوح پر ثبت فرمایا اور چار ہزار سال تک وہ لوح پر چمکتا رہا پھر آنحضرتؐ کا نام اطہر عرش پر ظاہر کیا اور ساق عرش پر ثبت فرمایا۔ وہاں وہ سات ہزار سال تک نور افشانی کرتا رہا۔

اسی طرح وہ نور رفعت وجلال کے ساتھ گھومتا رہا یہاں تک کہ حق تعالیٰ نے اس کو پُشتِ آدمؑ میں جگہ دی پھر وہ منتقل ہوتا ہوا صلبِ نوحؑ میں پہنچا۔

اسی طرح وہ ایک کے بعد دوسرے طاہر صُلبوں میں منتقل ہوتا رہا۔ یہاں تک کہ خدا نے اس کو صُلبِ عبداللہ بن عبدالمطلب میں جگہ دی اور ظاہر فرمایا اور اسے چھ کرامتوں سے ظاہر فرمایا۔ اس کو پیراہن خوشنودی پہنایا۔ ردائے ہیبت سے آراستہ کیا۔ تاج ہدایت اس کے سر پر رکھ کر اس کو رفعت کی بلندی پر پہنچایا اور اس کے بدن کو جامعہ رُفعت سے نوازا۔ اور محبت کا کمر بند اس کی کمر میں باندھا اور نعلین خوف وبیم اس کے پاؤں میں ڈالی اور عصائے منزلت ہاتھ میں دیا۔ پھر وحی کی کہ اے محمدؐ لوگوں کے پاس جاؤ اور کہو کہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کا اقرار کریں۔

یہ ہے نور محمدؐ کا ظہور، کہ اللہ تعالیٰ نے نورانیت کو ہمیشہ پاک اور مقدس ظروف کی طرف پلٹایا۔ آیت تطہیر میں اسی بات کا بیان ہے کہ خداوند نے ابتدائے خلقت سے لے کر تا دم آدم آخر ہمیشہ محمدؐ وآل محمدؐ کو پاک ظروف اور پاک صُلبوں میں رکھا اور نجاست کو ان کے قریب تک نہ آنے دیا۔

وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِيْن

آمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم کے روز زیارتِ مصطفیٰ کا مجرب عمل

از تحریر: مولانا کلفام علی حسینی۔ لاہور

درود شریف حضرت محمد ﷺ کا ذکر ہے جو ذکر الٰہی سے جدا نہیں بلکہ **100%** سو فیصدی ذکر الٰہی ہے۔

حضرت محمد ﷺ پر درود پڑھنا اللہ تعالیٰ کا ذکر اور اللہ تعالیٰ کی یاد ہے۔ نہ صرف اتنا بلکہ فضل الٰہی ہے۔ کیونکہ رب العزت خود اپنے محبوب حضور پُرنورؐ پر درود پڑھ رہا ہے۔ جیسا کہ سورۃ احزاب میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

اِنَّ اللہَ وَ مَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا

ترجمہ: اللہ اور اسکے فرشتے نبیؐ پر درود بھیجتے ہیں۔ اے مومنو! تم بھی ان پر درود اور سلام بھیجو۔ حضرت محمد ﷺ فرماتے ہیں۔

اِنَّ اَوْلَی النَّاسِ بِیْ اَکْثَرُھُمْ عَلَیَّ صَلٰوۃً

ترجمہ: سب سے اچھا انسان میرے نزدیک وہ ہے جو سب سے زیادہ میرے اُوپر درود بھیجتا ہے۔

قارئین آئینہ قسمت! یہ میرا آزمایا ہوا نسخہ ہے کہ اگر مرید کو پیر کامل نہ مل سکے تو درود شریف کی کثرت کرے یہ اللہ تعالیٰ تک جلد از جلد پہنچانے کا ذریعہ ہے۔ درود پاک کے وسیلے سے آپ ہر نیک مقصد میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔ اس مرتبہ میں خاص عمل زیارت محمد مصطفی ﷺ لے کر حاضر خدمت ہوں۔

تیاری: لوحِ زیارت محمد مصطفی ﷺ: لوحِ مبارک کو آتشی چال سے پر کریں۔ بہترین دن لوح تحریر کرنے کا ولادت با سعادت حضرت محمد مصطفی ﷺ ہے۔ لوح مبارک کو چاندی پر کندہ کریں یا سفید کاغذ پر بعد از نماز فجر زعفران و مشک سے تحریر کر کے گلے یا بازو پر باندھیں اور نماز رسول خدا ﷺ ادا کریں۔ بعد از نماز رسول خدا ﷺ مندرجہ ذیل درود شریف کو اپنے نام کے اعداد کے برابر یا (313 تین سو تیرہ مرتبہ پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلِّمْ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ

لوح مبارک یہ ہے۔

بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ	۱۳۶۶	۲۸۵	کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ
۲۸۶	۵۲۸	۱۲۷۲	۱۳۶۵
۵۲۷	۲۸۳	۱۳۶۸	۱۲۷۳
حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ	۲۷۴	۵۲۶	صَلُّوْا عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ

یا اللہ بحق نقش بالا فلاں بن فلاں کو زیارت حضرت محمد ﷺ سے مشرف فرما۔

آتشی چال نقش یہ ہے۔

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۴	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

لباس، بستر پاک و صاف رکھیں۔ ہر وقت باوضو رہیں۔ صدقہ و خیرات دیتے رہیں۔ مدت عمل چالیس یوم ہے۔ یقیناً حق تبارک و تعالیٰ خواب میں حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت پاک سے مشرف فرمائے گا۔

نماز حضرت رسول ﷺ یہ ہے۔

تعداد: 2 رکعت وقت: روز جمعہ

طریقہ: پہلی رکعت میں:

سورہ حمد کے بعد سورہ اِنَّآ اَنْزَلْنٰہُ پندرہ بار

رکوع میں	سورہ اِنَّآ اَنۡزَلۡنٰہُ	پندرہ بار
رکوع کے بعد کھڑے ہوکر	سورہ اِنَّآ اَنۡزَلۡنٰہُ	پندرہ بار
سجدہ میں	سورہ اِنَّآ اَنۡزَلۡنٰہُ	پندرہ بار
سجدہ کے بعد بیٹھ کر	سورہ اِنَّآ اَنۡزَلۡنٰہُ	پندرہ بار
دوسرے سجدہ میں	سورہ اِنَّآ اَنۡزَلۡنٰہُ	پندرہ بار
سجدہ کے بعد بیٹھ کر	سورہ اِنَّآ اَنۡزَلۡنٰہُ	پندرہ بار

اسی طرح دوسری رکعت بھی ادا ہوگی اور نماز کے بعد یہ دعا پڑھے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اِلٰهًا وَاحِدًا وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَا نَعْبُدُ اِلَّا اِيَّاهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ، وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ وَحْدَهٗ وَحْدَهٗ اَنْجَزَ وَعْدَهٗ، وَنَصَرَ عَبْدَهٗ، وَ اَعَزَّ جُنْدَهٗ، وَهَزَمَ الاحزاب وَحْدَهٗ، فَلَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، اَللّٰهُمَّ اَنْتَ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ، وَمَنْ فِيْهِنَّ فَلَكَ الْحَمْدُ، وَ اَنْتَ قَيَّامُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ، فَلَكَ الْحَمْدُ، وَاَنْتَ الْحَقُّ، وَ وَعْدُكَ الْحَقُّ۔ اَللّٰهُمَّ لَكَ اَسْلَمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَبِكَ خَاصَمْتُ وَاِلَيْكَ حَاكَمْتُ يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا رَبِّ اغْفِرْلِيْ مَا قَدَّمْتُ وَ اَخَّرْتُ وَاَسْرَرْتُ وَاَعْلَنْتُ اَنْتَ اِلٰهِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ وَتُبْ عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ۔

فضیلت: خدا گناہوں کو بخش دیتا ہے اور حاجتوں کو مستجاب فرماتا ہے۔

(مستدرک، ص ۳۷۳، ج ۶: مصباح المتہجد، ص ۲۵۵، جز اول)

بقیہ (عجائبات روحانیہ)

عبارت عمل یہ ھے

لا الہ بحرمتہ طاطائیل الا اللہ بحرمتہ اسرافیل محمد رسول اللہ بحرمتہ رویائیل فلاں مقصد پورا ہو العجل الساعتہ الوحا۔

لوح شفائے امراض

اگر کوئی مرد یا عورت کسی مرض میں مبتلا ہو یعنی شوگر، کینسر، خونی یا بادی بواسیر، بخار، اختلاج قلب، آنکھوں کے امراض، اولاد کا نہ ہونا، بانجھ پن، مرگی، فالج و لقوہ، موٹاپا کے علاوہ دیگر مہلک سے مہلک بیماریوں سے نجات حاصل کرنے کے لئے اس لوح مبارک کو چاندی یا تانبے پر کندہ کرا کے اپنے پاس رکھیں اور روزانہ پانی پر سورہ یٰسین تین مرتبہ پڑھ کر پی لیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے مرض سے 21 روز میں چھٹکارہ مل جائے گا۔

نوٹ: تمام اعمال کی وضاحت کردی گئی ہے اور روحانی اعمال میں کامیابی کیلئے صاحب روحانیت ہونا شرط ہے تاکہ روحانی عملیات میں کامیابی نصیب ہو۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

ویشف ۱۷۳۱۲	سلام ۱۷۳۲۵	امنو اهدی ۱۷۳۲۲	یشفین ۱۷۳۱۹
وشفاء ۱۷۳۲۳	فهو ۱۷۳۱۸	صدور ۱۷۳۱۳	شافی ۱۷۳۲۴
مرصنت ۱۷۳۱۷	قل هو ۱۷۳۲۰	مغیث ۱۷۳۲۷	قوم ۱۷۳۱۴
بدیع ۱۷۳۲۶	مؤمنین ۱۷۳۱۵	واذا ۱۷۳۱۶	للذین ۱۷۳۲۱

وکفی باللہ شھیدا محمد رسول اللہ

نظراتِ سیّارگان کے عملیات برائے ماہِ دسمبر 2016ء

آسمانی کونسل میں نظراتِ سیارگان کی عملیات و تعویذات کی تیاری میں ایسے ہی اہمیت رکھتی ہے جیسے جسم میں روح کی ہو۔ مندرجہ ذیل اوقات تربیع میں نحس اعمال جبکہ تسدیس، تثلیث اور قران (بشرطیکہ قران نحس کواکب کا نہ ہو) میں سعد اعمال کیے جاتے ہیں۔

قارئین آئینہ قسمت! چند سال سے آپ نے اس کالم میں تبدیلی محسوس کی ہوگی۔ نظر سیارگان کی ابتداء، انتہا اور خاتمہ کے اوقات بن عملیات میں شامل کر کے ہم نے عاملین، شائقین عملیات کیلئے آسانی پیدا کردی ہے۔ اب یہ اُلجھن ختم ہوگئی کہ فلاں سیارے کی نظر کب بن کر کب ختم ہوگی۔ اب عملیات کی تیاری میں پورے پورے وقت سے استفادہ کیا جاسکتا ہے۔ نقشہ ساعت (جو نیچے درج ہے) سے جو ہر دن طلوعِ آفتاب سے شروع ہوتی ہے، اپنے شہر کے طلوعِ آفتاب سے متعلقہ ستارے کی ساعت دیکھ کر اس ساعت میں تیار کیا گیا عمل اور بھی موثر ہو جاتا ہے۔ سالنامہ زنجانی جنتری 2016ء میں بھی ہم نے اہم سالانہ نظرات سیارگان تفصیلی درج کیے ہیں۔ ہماری خدمت باعث فخر بھی بن سکتی ہے، جب آپ وقتاً فوقتاً اپنے تبصروں سے نوازتے رہیں۔ **عامل شاہ زنجانی**

کسی بھی عمل کی ابتداء سے پہلے 2 رکعت نماز اجمالاً ہدیہ روح حضرت رسالت پناہ ﷺ مع سائر انبیاء، عظام اور اولیاء کرام پڑھیں۔ پھر مخصوص بہ نیت رجال الغیب مردان خدا جس سمت یہ اس روز کھڑے ہوں، اُن کی طرف باادب رُخ کر کے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی اُس سمت کھڑی کر کے درج ذیل دعا مع ایک بار بسم اللہ شریف پڑھ کر سات بار پڑھیں۔ رجال الغیب کی تواریخ کا چارٹ حسب ذیل ہے۔ عمل کرتے وقت رجال الغیب کی جانب اپنی پشت رکھیں۔

جنوب مشرق 24`16`09`01	جنوب مغرب 25`17`10`02	جنوب 26`18`11`03	مغرب 27`19`12`04
شمال مغرب 00`20`13`05	شمال مشرق 28`21`00`06	مشرق 29`22`14`07	شمال 30`23`15`08

بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ اَلسَّلَامُ عَلَیکُم یَا رِجَالُ الغَیبِ وَیَا اَروَاحُ المُقَدَّسَۃ اَعِینُونِی بِقُوَّۃٍ وَّانظُرُونِی بِنَظرَۃٍ یَا رُقَبَاءُ یَا نُقَبَاءُ یَا نُجَبَاءُ یَا اَبدَالُ یَا اَوتَادُ یَا قُطبُ یَا غَوثُ اَعِینُونِی بِحُرمَۃِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصحَابِہٖ اَجمَعِینَ

روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت میں تمام اعمال نیک نیتی کی بناء پر عاملین و قارئین کے استفادہ کیلئے دیئے جاتے ہیں۔ جائز کام میں تو اللہ اور اس کا رسول بھی مدد کرتے ہیں۔ ناجائز عمل کرنے سے باز رہیں، ورنہ سخت رجعت بھی ممکن ہے۔ بہرحال جب بھی کوئی عمل کریں تو لازم ہے کہ عمل کی رجعت سے بچنے کیلئے 6 کلو چینی، ایک کلو سوجی یا بارہ کلو باجرہ، دو کلو چاول اپنے سر سے وار کر رکھ لیں۔ بعد از عمل استعمال سے پہلے کسی بھی قبرستان جا کر عامل شاہ زنجانی کا اور اپنا اہل قبور کو سلام عرض کریں اور فاتحہ کوانی کر کے درختوں کی جڑوں میں حشرات الارض کو صدقہ ڈال دیں اور صدقہ ڈالنے کے بعد پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ یہ صدقہ صرف ایک عمل کیلئے ہے، دوسرے عمل کیلئے علیحدہ صدقہ دیں۔

ساعات کی ترتیب آپ کے شہر کے طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے۔

شمار	پہلی								دوسری							تیسری							چوتھی	
دن	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
یہ تو ہوئے مکمل نمبر۔ اب اگر کوئی مجھ سے پوچھے تو یہی عدد **9** کو صفحہ کے طور پر ترجیح دوں گا۔ اگر کلوز کے متعلق پوچھیں تو **7,6** مضبوط ہیں۔ ان کو آپ بلا شک آزمالیں۔ اگر یقین آجائے تو اگلی مرتبہ کرلیں۔ باقی غیب کا علم تو اللہ کے پاس ہے۔ وہی قادرِ مطلق ہے۔ وہی اپنے بندوں پر کرم فرمانے والا ہے۔

یہ نقش انسان کی تمام کمزوریوں کے لئے ہے۔ دل، دماغ، جگر یا معدہ وغیرہ اور مردانہ طاقت کے لئے بھی بے حد ضروری اور مفید ہے اس کے علاوہ عورتوں کی تمام کمزوریوں کے لئے بھی فائدہ مند ہے۔ مردانہ طاقت کے لئے لکھنا ہو تو شرف مریخ اور مریخ کی ساعت میں لکھ کر کمر میں باندھیں اس کے سوا تمام کمزوریوں کے لئے پانچ نقش لکھ کر ایک نقش کو آٹھ دن تک پی لے یعنی پانچوں نقش **40** دن تک پینے ہونگے اور ایک اور نقش لکھ کر گلے میں بھی پہنا جائے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کے حکم سے تمام کمزوریاں بھی دور ہوں گی اور اُولاد کے جراثیم بھی پیدا ہوں گے۔ عورت کی کمزوری کے لئے قمر کی ساعت یا مشتری کی ساعت یا قمر کے شرف یا اوج میں نقش تیار کر کے پینے ہوں گے یاد رہے کہ یہ نقش عرقِ گلاب اور زعفران سے لکھیں۔

مثال: امداد علی بن حوا کو معدہ میں کمزوری ہے اس کیلئے یہ نقش تیار کیا گیا ہے۔

امداد علی بن حوا کے اعداد	=	175
یاقوی کے اعداد	=	127
یاذوالقوۃ کے اعداد	=	1254
المتین کے اعداد	=	531
ٹوٹل	=	2087

یہ نقش اعداد **2087** کا ہے۔

امداد علی حوّا	یاقوی	یاذوالقوۃ	المتین
۱۲۵۵	۵۳۰	۱۷۶	۱۲۶
۵۲۹	۱۲۵۲	۱۲۹	۱۷۷
۱۲۸	۱۷۸	۵۲۸	۱۲۵۳

یاالاھی یاقوی یاذوالقوۃ المتین امداد علی بن حوّا کامل شود مرض معدہ دفع شود و تمام کمزوری دفع شود و شفایاب شود

دسمبر 2016ء کیلئے پرائز بانڈز خریدنے کی تواریخ بمعہ اوقات

1	6
7	4

تاریخ: 01-12-2016
دن: جمعرات
شہر: پشاور
مالیت بانڈ: 40000

1	9
5	3

تاریخ: 15-12-2016
دن: جمعرات
شہر: ملتان
مالیت بانڈ: 200

دسمبر 2016ء کے لیے پرائز بانڈز خریدنے کی لکی تواریخ بمعہ اوقات

نمبر شمار	تاریخ	نیک وقت خریداری
1	2 دسمبر 2016ء	دوپہر 11 بجکر 03 منٹ سے لے کر 11 بجکر 53 منٹ تک
2	5 دسمبر 2016ء	صبح 09 بجکر 06 منٹ سے لے کر 09 بجکر 46 منٹ تک
3	9 دسمبر 2016ء	دوپہر 13 بجکر 04 منٹ سے لے کر 13 بجکر 54 منٹ تک
4	24 دسمبر 2016ء	سہ پہر 15 بجکر 02 منٹ سے لے کر 15 بجکر 50 منٹ تک
5	29 دسمبر 2016ء	دوپہر 11 بجکر صفر منٹ سے لے کر 11 بجکر 50 منٹ تک

نوٹ: یہ اوقات پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق دیے جا رہے ہیں۔

	0	1	2	3	4	5	6	7	8	9	ممکنہ ٹنڈولے	
0			02	03		05	06		08		026	085
1			12		14	15		17		19	125	197
2	20	21		23					28		213	280
3		31			34			37		39	314	379
4			42			45	46			49	425	469
5	50			53	54				58		534	580
6		61				65				69	615	695
7			72	73			76		78		723	786
8	80	81			84					89	801	894
9			92			95		97	98		925	987

تاریخ: 01-12-2016
دن: جمعرات
شہر: پشاور
مالیت بانڈ: 40000

52	00	95	52	03	25
09	08	51	69	06	30

تاریخ: 15-12-2016
دن: جمعرات
شہر: ملتان
مالیت بانڈ: 200

69	03	46	02	03	51
45	04	72	91	00	62

2
4 (6) 5
3

0
2 (1) 6
5

حکومتی پرائز بانڈز خرید کر ملکی معیشت مضبوط بنائیں

تاریخ:	01-12-2016
دن:	جمعرات
شہر:	پشاور
مالیت بانڈ:	40000

267168	
26	71
68	86

تاریخ:	15-12-2016
دن:	جمعرات
شہر:	ملتان
مالیت بانڈ:	200

394217	
93	42
49	94

تاریخ:	01-12-2016
دن:	جمعرات
شہر:	پشاور
بانڈ:	40,000

S			F
31	9	2	05
95	3		45
63	6	8	75
07			55

اوپن	5 - 7 - 4 - 0
فسٹ	056-454-755-552
سیکنڈ	314-956-636-075
سیکنڈ	143-078-912-214

تاریخ:	15-12-2016
دن:	جمعرات
شہر:	ملتان
بانڈ:	200

S			F
78	5	1	37
59	0		47
47	8	2	67
21			97

اوپن	3 - 4 - 6 - 9
فسٹ	374-473-671-972
سیکنڈ	786-594-477-213
سیکنڈ	594-696-394-717

تاریخ:	01-12-2016
دن:	جمعرات
شہر:	پشاور
مالیت بانڈ:	40000
تاریخ:	15-12-2016
دن:	جمعرات
شہر:	ملتان
مالیت بانڈ:	200

4682-8419

466 648 665 841 896 906	6 4 6	8 9	46 64 66 84 89 90

9066-8965

2254-2259

062 466 460 628 640 673 356	8 4 2	7 9	06 46 35 26 62 67 64

8435-6645

پشاور	مالیت -/40,000	مورخہ 01-12-2016					
90	89	52	39	14	07	(بونس) 1964	

ملتان	مالیت -/200	مورخہ 15-12-2016					
71	62	51	49	28	15	(بونس) 4896	

پشاور	مورخہ 01-12-2016
مالیت -/40000	
	844/399 =993
	955/400 =900
	388/833 =338

ملتان	مورخہ 15-12-2016
مالیت -/200	
	955/400 =900
	883/338 =888
	448/993 =839

لکی نمبرز: ہماری دعا ہے کہ آپ ان لکی نمبرز سے فیض یاب ہوں۔ کسی نقصان سے بچنے کے لیے پرچی نمبر کی بجائے پرائز بانڈز کی خرید پر توجہ دیں۔ ماہرین علم الاعداد کی تمام تر ذہانت آپ کے لیے وقف ہے۔ (ادارہ)

علم النجوم کے متعلق اسلامی نظریات

از تحریر: ڈاکٹر محمد اکمل جاوید۔لاہور

کسی بھی دنیاوی علم کے بارے میں قرآن پاک میں موجود آیات میں سے سب سے زیادہ آیات علم نجوم کے متعلق ہیں۔ دنیا کے تمام ممالک میں علم نجوم کے ماہر موجود ہیں اور ساری دنیا میں اس کا استعمال ہو رہا ہے۔ کچھ لوگ علم نجوم کے ذریعے عملیات شروع کرنے، طلسم بنانے، کوئی وظیفہ یا چلہ وغیرہ شروع کرنے کیلئے سعد ونحس وقت کا استخراج کرتے ہیں کہ ان عملیات کو کب شروع کریں یا ان کیلئے مناسب وموافق وقت کونسا ہے اور کچھ حضرات اس علم کے ذریعے ملکی، سیاسی اور دنیاوی حالات کی پیشن گوئی کرتے ہیں کہ آپکے لئے کونسی ملازمت اختیار کرنا زیادہ بہتر ہے۔ آپ کا موافق پتھر کونسا ہے یا آپ اپنی صحت کو کیسے بہتر بنا سکتے ہیں، وغیرہ وغیرہ۔ لیکن علم النجوم کے متعلق اسلامی نظریات کیا ہیں، اس کے متعلق بہت کم لوگ (علماء کرام کے علاوہ) جانتے ہیں۔ یہاں تک کہ وہ لوگ، جنہوں نے اپنی ساری زندگی اس علم کو سیکھنے، سکھانے اور دوسرے لوگوں کے زائچے بنانے اور پیشن گوئی کرنے میں گزار دی اور اپنی ان پیشن گوئیوں کو درست ہوتے بھی دیکھا اور علم النجوم کے اثرات کو محسوس کیا اور ہوتے دیکھا، بھی اس علم کے متعلق اسلامی نظریات کی پوری طرح وضاحت نہیں کر سکے، صرف اس لئے کہ ان لوگوں نے کبھی علماء کرام سے رجوع نہیں کیا۔ علم النجوم کے متعلق دو باتیں یاد رکھیں:

1:۔ پیشن گوئی 2:۔ اثرات

اللہ تعالیٰ نے کوئی چیز بے فائدہ پیدا نہیں کی، جیسا کہ قرآن پاک کی سورہ آل عمران کی آیت نمبر 191 میں ارشاد ہوتا ہے۔

آیت نمبر 11: اور وہ (اللہ عزوجل کے نیک بندے) آسمان وزمین کی پیدائش پر گہرا غور وفکر کرتے ہیں (پھر کہتے ہیں) اے ہمارے پروردگار! تو نے یہ سب بیکار اور بے فائدہ نہیں بنایا۔

ستاروں کے اثرات ہیں لیکن جو لوگ اپنی پیشن گوئیوں کو بھی ستاروں کے اثرات سمجھتے ہیں تو وہ غلط ہیں۔ ان دونوں (اثرات اور پیشن گوئیوں) پر الگ الگ بحث کی جائے گی، جو مندرجہ ذیل ہے۔

ستاروں کے اثرات

آیت نمبر 17:۔ ''سورج اور اس کی روشنی کی قسم اور چاند کی جب اس کے پیچھے آئے۔'' (سورہ شمس، آیت نمبر 2،1، پارہ 30)

اللہ تعالیٰ نے سورج کی روشنی میں بہت زیادہ اثرات اور ایسے راز پنہاں رکھے ہیں جن کا قیامت تک مکمل طور پر جاننا ممکن نہیں ہے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں سورج کی روشنی کی قسم کھائی۔ آگے بیان کردہ تمام ٹاپک اس آیت کی تفسیر کا ایک چھوٹا سا نمونہ ہے۔ سورج اور چاند کی روشنی کے اثرات مندرجہ ذیل ہیں۔

سورج، چاند اور دیگر ستارے اپنی شعاعوں کے ذریعے تمام اشیاء اور انسانی جسم میں نفوذ پذیر ہو کر ہمارے جذبات، احساسات، رنگ وروپ، عادات، مزاج اور نشوونما پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ یہ بالکل ایسے ہی ہے جیسے مختلف قسم کی غذائیں کھانے سے ہمارے جذبات واحساسات اور مزاج میں تبدیلی پیدا ہو جاتی ہے۔ چنانچہ اگر کوئی شخص فاسٹ فوڈ یا گرم تاثیر والی غذائیں باکثرت استعمال کرتا ہے تو ان غذاؤں کے باعث اس کے جذبات میں زبردست ہیجانی

کیفیت پیدا ہو جائے گی۔ اس شخص کے ذہنی انتشار میں اضافہ ہوگا۔ ایسا شخص معمولی سی بات پر غصے میں آسکتا ہے۔

علم النجوم سے متعلقہ قرآنی آیات

آیت نمبر 22:۔ ''اور اس نے تمہارے لئے مسخر کئے رات اور دن اور سورج اور چاند اور ستارے اس کے حکم باندھے ہیں۔ بے شک اس آیت میں نشانیاں ہیں عقل مندوں کو۔'' (سورۃ النحل، آیت 12)

آیت نمبر 23:۔ ''تو قسم ہے ان (ستاروں) کی جو الٹے پھریں، سیدھے چلیں تھم رہیں۔'' (سورۃ التکویر، آیت 15,16)

آیت نمبر 24:۔ ''اور علامتیں اور ستاروں سے وہ (لوگ) راہ پاتے ہیں۔''

(سورۃ النحل، آیت 16)

آیت نمبر 25:۔ ''قسم آسمان کی جس میں برج ہیں۔''

(سورۃ البروج، آیت 1)

آیت نمبر 26:۔ ''اور چاند گہے (بالکل سیاہ ہو جانا) گا اور سورج اور چاند ملا دیئے جائیں گے۔'' (سورۃ القیامۃ، آیت 9,8)

یعنی جب قیامت آئے گی تو چاند سیاہ ہو جائے گا اور سورج اور چاند آپس میں ٹکرا جائیں گے۔

آیت نمبر 27:۔ ''اور سورج چلتا ہے اپنے ایک ٹھہراؤ کیلئے۔ یہ حکم ہے زبردست علم والے کا اور چاند کیلئے ہم نے منزلیں مقرر کیں یہاں تک کہ پھر ہو گیا جیسے کھجور کی پرانی ڈال (ٹہنی)۔ سورج کو نہیں پہنچتا کہ چاند کو پکڑ لے اور نہ رات دن میں سبقت لے جائے اور ہر ایک ایک گھیرے (اپنے مرکز، مدار) میں تیر رہا ہے۔'' (سورۃ یٰسین، آیت 38,39,40)

آیت نمبر 28:۔ ''سورج اور چاند حساب سے (چل رہے) ہیں۔''

(سورۃ رحمٰن، آیت 5)

آیت نمبر 29:۔ ''اے محبوب کیا تم نے اپنے رب کو نہیں دیکھا کہ کیسا پھیلایا سایہ اور اگر چاہتا تو اس کو ٹھہرایا ہوا کر دیتا، پھر ہم نے اس پر سورج کو دلیل کیا پھر ہم نے آہستہ آہستہ اسے اپنی طرف سمیٹا۔

(سورۃ الفرقان، آیت 44,45)

آیت نمبر 30:۔ ''اور وہی ہے جس نے تمہارے لئے تارے بنائے کہ ان سے راہ پاؤ خشکی اور تری کے اندھیروں میں۔''

(سوررۃ انعام، آیت نمبر 97)

آیت نمبر 31:۔ ''وہی ہے جس نے سورج کو جگمگاتا بنایا اور چاند چمکتا اور اس کیلئے منزلیں ٹھہرائیں کہ تم برسوں کی گنتی اور حساب جانو۔ اللہ نے اسے نہ بنایا مگر حق نشانیاں مفصل بیان کرتا ہے علم والوں کیلئے۔ بے شک رات اور دن کا بدلتا آنا اور جو کچھ اللہ نے آسمان و زمین میں پیدا کیا ان میں نشانیاں ہیں ڈر والوں کیلئے۔'' (سورۃ یونس، آیت 5,6)

آیت نمبر 32:۔ ''اور (اللہ عزوجل کے نیک بندے) آسمانوں اور زمین کی پیدائش میں غور کرتے ہیں، (پھر کہتے ہیں) اے رب ہمارے تو نے یہ بیکار نہ بنایا۔'' (سورۃ آل عمران، آیت 191)

آیت نمبر 33:۔ ''کیا انہوں نے نگاہ نہ کی آسمانوں اور زمین کی سلطنت میں اور جو چیز اللہ نے (زمین و آسمان میں) بنائی اور یہ کہ شاید ان کا وعدہ (موت) نزدیک آ گیا۔'' (سورۃ اعراف، آیت 185)

آیت نمبر 34:۔ ''بڑی برکت والا ہے وہ جس نے آسمان پر برج بنائے اور ان میں چراغ رکھا اور چمکتا چاند۔'' (سورۃ فرقان، آیت 61)

آیت نمبر 35:۔ ''تم سے نئے چاند کو پوچھتے ہیں تم فرما دو وہ وقت کی علامتیں ہیں۔'' (سورۃ البقرہ۔ آیت 189)

آیت نمبر 36:۔ ''آسمان کی قسم اور رات کو آنے والے کی اور کچھ تم نے جانا وہ رات کو آنے والا کیا ہے خوب چمکتا تارا کوئی جان نہیں جس پر نگہبان نہ ہو۔''

(سورۃ طارق، آیت 1,2,3,4)

آیت نمبر 37:۔ ''پھر اس نے (حضرت ابراہیم علیہ السلام نے) ایک نگاہ ستاروں کو دیکھا پھر کہا میں بیمار ہونے والا ہوں۔''

(سورۃ الصّٰفّٰت، آیت 88,89)

آیت نمبر 38:۔ ''کیا تم نے نہ دیکھا کہ اللہ نے تمہارے لئے کام میں لگائے جو کچھ آسمان اور زمین میں ہیں اور تمہیں بھرپور دیں اپنی نعمتیں ظاہر اور چھپی۔''
(سورہ لقمان، آیت 20)

آیت نمبر 39:۔ ''آرائش والے آسمان کی قسم۔''
(سورۃ الذّٰریٰت، آیت 7)

آیت نمبر 40:۔ ''اور آسمان اور اس کے بنانے والے کی قسم۔''
(سورۃ الشمس، آیت 5)

آیت نمبر 41:۔ ''سورج اور اس کی روشنی کی قسم اور چاند کی جب اس کے پیچھے آئے۔''
(سورۃ الشمس، آیت 2،1)

آیت نمبر 42:۔ ''تو مجھے قسم ہے ان جگہوں کی جہاں تارے ڈوبتے ہیں اور تم سمجھو یہ بڑی قسم ہے۔'' (سورہ واقعہ، آیت 75,76)

آیت نمبر 43:۔ ''جس روز تمہارے رب کی ایک نشانی آپہنچے گی، کسی ایسے شخص کا ایمان اس کے کام نہ آئے گا جو پہلے سے مومن نہ تھا یا اپنے ایمان میں اس نے نیک عمل نہ کیا تھا۔ (سورہ انعام، آیت 158)

یہاں پر نشانی سے مراد سورج کا قیامت کے نزدیک مغرب سے طلوع ہونا ہے۔

علم النجوم کے نظریات کا خلاصہ

مختصر یہ کہ ستاروں کے اثرات ہیں یہ ہمارے جذبات واحساسات ونشوونما پر بذریعہ شعاع اثر انداز ہوتے ہیں۔ ہم ان سے ہر طرح کے معاملات میں رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں (بطور علامت)۔ کیونکہ یہ دنیا، کسی ملک، شہر یا کسی فرد کے حالات و واقعات کو ایک نبض کی طرح ظاہر کرتے ہیں۔ یہ ظاہری علم ہے، یہ علم الغیب نہیں۔ اللہ تعالیٰ اگر چاہے تو ان علامتوں (علم النجوم) کو جب چاہے تبدیل کر دے اور اگر چاہے تو یہ علامتیں ایسے ہی رہیں لیکن ماہرین کی پیشن گوئیوں کو بھی غلط کر دے۔

مثبت توانائی

برج قوس کے لوگ عام طور سے وفادار، من موجی، آزاد، خوش قسمت، باتونی، سیر و تفریح کے دلدادہ، کشادہ ذہن، سچائی پسند، منہ پھٹ، پرجوش، آدرش وادی، پرعزم، خوش فہم، ایماندار، بے تاب، دلکش، پرمزاح، دور اندیش اور مہم جو ہوتے ہیں۔

منفی توانائی

وہ بے صبر، جارح، بدعقل، خودغرض، وقت کی پابندی نہ کرنے والے، لفاظ، متلوّن مزاج، طنز کرنے والے، ناقابل بھروسا، بے دلیل باتیں کرنے والے، نکتہ چیں، ملکیت اور پیسے کے معاملے میں بے پروا بھی ہوتے ہیں۔

پسند

قوس افراد کو سچائی، آزادی، ذہنی ہم آہنگی، خطرہ مول لینا، میل جول، فلسفیانہ یا سیاسی مباحثہ، کسی کاز یا مظاہرے میں شامل ہونا، بھروسا کیا جانا، سرگرم ساتھی ہونا، دن میں خواب دیکھنا، لٹریچر، تھیٹر، فیملی، دوست، سفر اور رقص و موسیقی پسند ہے۔

ناپسند

وہ حسد، کسی کا غلبہ، معمول، شک کیا جانا، وضاحت کرنا، کنٹرول، کاہلی، سستی، دوغلا پن، اُتھلے لوگ، اندرونی جائزہ لیا جانا، کلب، خصوصی اجتماع اور گھریلو کام کاج پسند نہیں کرتے۔

قوسی کردار

ہم برج قوس میں بیرونی دنیا سے اس روحانی سطح کو ہم آہنگ کرتے ہیں جو برج عقرب میں دریافت ہوئی تھی، قوس اس جادوئی لمحے کا متلاشی ہے جہاں عالمی اصول ذاتی تجربے سے جھلکتے ہیں۔

قوس افراد کو اس افسانوی کردار "قُنطُر" سے جوڑا جاتا ہے جسے چیرون یا کیرون (Chiroon) کہتے ہیں، قُنطُر کے دونوں پہلو آزادی کے متوالے اور آفاقی مسیحا ہیں۔ قُنطُر آدھا انسان، آدھا گھوڑا ہے جو فلسفیانہ ذہن اور پیدائشی جبلت کے اختلاف کی تصویر کشی کرتا ہے، ایک تیر ستاروں کا نشانہ لیے ہوئے ہے۔ قوس افراد توانائی اور قوت حیات کی تابکاری کرتے ہیں اور چوکس ذہن کے مالک ہوتے ہیں، ان میں تجربہ کرنے کی لگن ہوتی ہے۔ وہ سفر کرنے کے بہت دلداہ ہوتے ہیں اور بعض کو تو یہ بھی نہیں معلوم ہوتا کہ اُن کی خواہشِ سفر کا اختتام کب اور کہاں ہوگا اور جب ایک دفعہ وہ سفر کرنے سے باز آجاتے ہیں تو ان کے پیروں میں پھر کھجلی ہونے لگتی ہے اور وہ پھر سے اگلے سفر کی منصوبہ بندی کرنے لگتے ہیں، جب وہ گھر میں ہوں تو اپنے تجربے کی پیاس مطالعہ سے بجھاتے ہیں۔

"میں نرم اور میٹھا بننے میں اچھا نہیں ہوں، آپ میرا مطلب سمجھ گئے ہوں گے، میرے اندر یہ رجحان ہے کہ اگر میں میٹھا بن جاؤں تو پک کر سڑ جاتا ہوں"۔

ڈوڈی ایلین (کامیڈین/فلم ڈائریکٹر) شمسی برج قوس، پیدائش یکم دسمبر 1935

قوس افراد دنیا اور ذہن کو کھنگالنے والے ہوتے ہیں حالاں کہ وہ نئے لوگوں سے ملنے، نت نئی جگہوں اور تہذیبوں کا تجربہ کرنے کے شائق ہوتے ہیں تاہم وہ

گھر میں آتش دان کے سامنے اپنے دوستوں کے ساتھ بیٹھ کر نئے آئیڈیوں پر تبادلہ خیال کرنا بھی پسند کرتے اور خوش ہوتے ہیں، وہ عام طور سے اجنبیوں کے ساتھ لوگوں اور فلسفے کو کھنگالنے کے شوقین ہوتے ہیں، ان کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ ایک لیٹر دودھ لینے دوکان پر جاتے ہیں اور دوکاندار یا کسی اجنبی سے باتوں میں ایسے مگن ہوجاتے ہیں کہ بھول جاتے ہیں کہ کس غرض سے دوکان پر آئے تھے اور گھنٹوں بعد گھر لوٹتے ہیں۔

وہ معلم اور طالب علم دونوں کا مرکب ہیں، ان کی تغیر پذیر توانائی لینے اور دینے سے تعلق رکھتی ہے لیکن آتشی عنصر کی وجہ سے اُن کا زیادہ جھکاؤ لینے کے بجائے دینے کی طرف رہتا ہے۔ اس اعتبار سے وہ بالکل جوزا کی طرح ہیں جو اُن کے مقابل کا برج ہے لیکن جہاں جوزا افراد علم اور اطلاع دوسروں تک پہنچانا پسند کرتے ہیں وہاں قوس اس کی روحانی اور فلسفیانہ بناوٹ میں زیادہ دلچسپی لیتے ہیں۔ مشتری ان کا حاکم سیارہ ہے اور بہت سے قوس افراد کو ان کے حصے سے زیادہ ملتا ہے، وہ اکثر منطقۃ البروج کے مسخرے کی تصویر کشی کرتے ہیں، تھوڑے سے عجیب وغریب اور بے عقل، بے تکے اور زبان کے پھوہڑ ہوتے ہیں، وہ اس مصلحت کا خیال نہیں رکھتے کہ کب کیا بات کہنا چاہیے، مصلحت کو بالائے طاق رکھ کر سچ بولنا ضروری سمجھتے ہیں اور ان کی یہ سچ گوئی دوسروں کی دل آزاری کا باعث بھی ہوسکتی ہے لیکن اتنے مثبت اور نیک نیت کہ آپ کو اس سے کوئی گھبراہٹ نہیں ہوگی۔

قوس افراد یہ سمجھتے ہیں کہ وہ فطری طور پر پُرمزاح ہیں اور بہت سے قوس کامیڈین بن جاتے ہیں، ان کا مزاح عام طور سے مضحکہ خیزی کا اتنا مرہون منت نہیں ہوتا جتنا ان کی صاف گوئی کا ہوتا ہے اور صاف گوئی بھی ایسی کہ انسان کی سانس رک جائے۔

"مزاح صرف ان اصولوں کو جو ذوق کے حامل ہوں اور صرف ان پابندیوں کو برداشت کرتا ہے جو توہین آمیز نہ ہوں"

جیمز تھربر (ادیب) شمسی برج قوس، پیدائش: 8 دسمبر 1894

اور معاملے کی سب سے مشکل شکل یہی ہے۔

قوس افراد گستاخ ہونے کی حد تک منہ پھٹ اور صاف گو ہوتے ہیں، وہ بڑی آسانی اور روانی سے سچ اگل کر دوسروں کو ہکا بکا کردیتے ہیں یعنی پول کھول دیتے ہیں کیوں کہ وہ یہ سمجھتے ہیں کہ دوسرے لوگ بھی انہی کی طرح سوچتے ہوں گے۔ قوس افراد زیادہ تر اونچا سوچتے ہیں۔ ان کے نزدیک مجلسی آداب و دستور کی کوئی خاص اہمیت نہیں ہوتی لہٰذا وہ کسی محفل میں منہ اٹھائے چلے جاتے ہیں اور ایسی باتیں کہہ جاتے ہیں جن کے بارے میں وہ یہ سمجھتے ہیں کہ انہیں بہرحال کہنی ہی تھیں۔ یہی وجہ ہے کہ لوگ انہیں اپنے آس پاس پاکر پریشان، بدحواس، مایوس ہوجاتے ہیں لیکن زیادہ تر تفریح کا باعث ہوتے ہیں، اگر کوئی انہیں یہ بتانے کی یا سمجھانے کی کوشش کرے کہ آپ نے کچھ زیادتی کردی ہے اور آداب مجلس کا خیال نہیں رکھا تو ان کا جواب سوال کی شکل میں ہوگا ''کیا میں نے غلط کہا؟''

قوس افراد غیرارادی طور پر سچ بولتے ہیں لیکن جب کوئی واقعہ سناتے ہیں تو اس میں زیادہ سچ بیانیکی زحمت نہیں کرتے۔ اگر وہ یہ دیکھتے ہیں کہ ان کی باتوں کا ویسا ردعمل نہیں ہورہا جیسی انہیں توقع تھی تو وہ اس واقعے کو خوب بڑھا چڑھا کر بیان کرتے ہیں اور بعض اوقات اپنی بات پر زور دینے کے لیے اسے مضحکہ خیز حد تک طوالانی کردیں گے۔

"تھوڑی سی غلط بیانی بعض اوقات بہت سی پریشانیوں اور وضاحتوں سے بچادیتی ہے"

ساقی (ادیب) شمسی برج قوس، پیدائش 18 دسمبر 1870

لیکن قوس افراد عام طور سے سچ بولتے ہیں۔ وہ سچ کے پجاری ہوتے ہیں۔ اگر آپ کا قوس لڑکا گھر آکر یہ بتائے کہ اس نے سگریٹ یا شراب پی تھی لیکن اسے پسند نہیں آئی تو سکھ کا سانس لیں کہ اسے سگریٹ پسند نہیں آئی کیوں کہ کسی بھی شے کو آزمائیں گے تو ہمیشہ سچ بولیں گے، اگر قوسی افراد سچ بولیں پھر بھی آپ انہیں جھوٹا سمجھیں تو اُن کے لیے اس سے زیادہ پریشان کن کوئی اور بات ہو ہی نہیں سکتی۔

"جنونی وہ ہے جو نہ تو اپنا ذہن بدلتا ہے اور نہ عنوان"

سرونسٹن چرچل (سیاست دان) شمسی برج قوس،

پیدائش: 30 نومبر 1874

قوس افراد باتیں کرنے اور بحث ومباحثے کے شوقین ہوتے ہیں، ان کا ذہن تیز اور متجسس ہوتا ہے اور وہ نئے آئیڈیے آزمانے کے لیے اپنے دوستوں اور گھر والوں کو استعمال کرتے ہیں۔

قوس افراد کے بارے میں یہ کہا جاتا ہے کہ اگر انہیں پڑھنے کو کچھ نہ ملے تو وہ ڈکشنری پڑھنے بیٹھ جاتے ہیں۔قوس خواتین مطالعے کی اتنی شوقین ہوتی ہیں کہ ہمیشہ نئی کتابوں کی تلاش میں رہتی ہیں، اگر کتابوں کی سیل لگی ہوئی ہو اور انہیں ادھر سے گزرنے کا اتفاق ہو تو وہ رک جائیں گی اور وہاں ایک گھنٹے تک پرانی کتابوں کو الٹ پلٹ کر دیکھنے کے بعد کتابوں سے بھرا ہوا پلاسٹک بیگ لیے گھر واپس آئیں گی۔ان کے دلچسپ موضوع وسیع ہوتے ہیں اور وہ اپنے پسندیدہ موضوع کی کتابیں چن لیتی ہیں۔مشتری کے شفیق، مہربان اور شاہانہ پہلو قوس سے منعکس ہوتے ہیں۔خوش فہمی، اعتماد اور مثبت رویہ ان کی اہم خصوصیات ہیں لیکن یہ اوصاف بے چینی، بے احتیاطی اور آمرانہ رویے میں تبدیل ہو سکتے ہیں۔قوس افراد کو یہ بات یاد رکھنی چاہئے کہ ان کے رویے سے ہلچل اور اضطراب پیدا ہو سکتے ہیں، چاہے وہ مثبت ہوں یا منفی۔

قوس افراد محبت کے معاملے میں گرم جوش، پرخلوص، راست باز اور سچے ہو سکتے ہیں، وہ روایتی قسم کے ہوتے ہیں اور ان کی جنسی فطرت ان کے کنٹرول میں ہوتی ہے۔اگر انہیں ان کی وفاداری کا صلہ نہ ملے تو وہ آزاد جنسی تعلقات کے ذریعے صنف مخالف سے انتقام لینے پر اتر آتے ہیں لیکن قوس خواتین کو اپنے جسمانی اظہار محبت میں دشواری ہوتی ہے اور وہ سرد مہر سمجھی جا سکتی ہیں گویا برف کی سِل۔چونکہ قوس افراد ہمیشہ چھان بین کرتے رہتے ہیں لہٰذا ضروری ہے کہ ان کے تعلقات میں استقامت ہو۔یہی وجہ ہے کہ قوس افراد اکثر خاموش طبع اور اندر ہی اندر غور و فکر کرنے والے ہوتے ہیں اور اس قسم کا امن لا سکتے ہیں جس کی آرزو ان کا ذہن کرتا ہے لیکن ویسا امن فراہم کرنے سے قاصر رہتے ہیں۔

پیشہ ورانہ سرگرمیاں

قوس افراد کو اپنی صلاحیتوں پر بہت زیادہ اعتماد ہوتا ہے لیکن اکثر وہ اتنی ذمہ داریاں اپنے سر لے لیتے ہیں جن سے نمٹ نہیں سکتے، انہیں اکثر اپنا کام ختم کرنے میں دشواری پیش آتی ہے کیوں کہ وہ کبھی بھی زیادہ وقت نہیں چھوڑتے، وہ ایک وقت میں ایک کام کرنے کے بجائے بیک وقت کئی کام انجام دینے کی کوشش کرتے ہیں۔

قوس بہت اچھے محقق ہوتے ہیں اور ان کا مطالعہ وسیع ہوتا ہے، سائنس، فنون، مذہب اور فلسفے کے مختلف افکار کو ایک ہی لڑی میں پرو کر بہت نمایاں مقام حاصل کر سکتے ہیں۔قوس افراد جس بات کو درست سمجھتے ہیں اس پر لڑ پڑتے ہیں اور بعض اوقات یہ جنگ بے دلیل باتوں اور نکتہ چینی کی حد تک پہنچ جاتی ہے وہ نہ صرف بک کلب یا لائبریری جوائن کرتے ہیں بلکہ انہیں چلاتے بھی ہیں۔

ایک قوس ایسی جاب کے خواب دیکھتا ہے جس میں اسے کتابیں پڑھنے کا معاوضہ دیا جائے لیکن یہ کوئی اچھی بات نہ ہوگی، کتابیں ہمیشہ پرسکون گوشوں اور لائبریریوں کا تقاضا کرتی ہیں لیکن قوس افراد کچھ بھی ہو سکتے ہیں، خاموش طبع نہیں ہو سکتے، لائبریریوں میں کتابیں بھی ایک خاص ترتیب سے رکھی جاتی ہیں اور قوس افراد یہ کام بھی خوبی سے انجام دینے کے اہل نہیں ہیں، وہ کتابوں کے پیش رس اور تعریفی جملوں کو پڑھنے میں مگن ہو جائیں گے اور لوگوں کی قطار طویل سے طویل تر ہوتی چلی جائے گی۔

"میں نہیں جانتا کہ میں جو کچھ بولتا ہوں اس میں کتنی سچائی ہوتی ہے"۔

بیٹی مڈلر (انٹرٹینر) شمسی برج قوس، پیدائش: یکم دسمبر 1945

قوس بیٹی مڈلر اس کی ایک اچھی مثال ہے کہ وہ تمام مثبت آتشی توانائی کتنی طاقتور ہو سکتی ہے جو برج قوس کا خاصہ ہے۔

ہونولولو، ہوائی میں پیدا ہونے والی بیٹی مڈلر بچپن ہی سے رقص اور گلوکاری کی شوقین تھی، اس نے مختصر عرصے کے لیے اناناس کے سربہ مہر ڈبے بنانے والی کمپنی میں کام کیا اور پھر 1960ء میں نیو یارک منتقل ہو گئی۔وہاں اس نے براڈوے کے ایک طائفے میں شمولیت اختیار کر لی اور جلد ہی اہم مقام حاصل کر لیا۔مڈلر نے ریڈیو سٹی میوزک ہال میں 30 شو کرنے اور ایک لاکھ 76 ہزار 220 تماشائیوں کو محظوظ کرنے کا ریکارڈ قائم کیا۔اس کا نائٹ کلب بیک وقت کئی قسم کے پروگراموں کا مجموعہ تھا جو اس کی توانائی اور گرم جوشی کا مظہر ہے۔اس کے فن نے اسے بے حد مقبولیت عطا کی۔اس نے اٹلانٹک ریکارڈز سے

معاہدہ کیا اور 1972ء میں ایک ریکارڈ ریلیز کیا جو بے پناہ مقبول ہوا، پھر 1973ء میں اس کا دوسرا البم بھی ایسی ہی کامیابی سے ہم کنار ہوا۔

1970ء کے عشرے میں اس کی مقبولیت میں کمی واقع ہوگئی لیکن 1979ء میں اس کی پہلی فلم ''دی روز'' ریلیز ہوئی جس میں اسے آسکر ایوارڈ کے لیے نامزد کیا گیا اور اس نے ٹائٹل گیت کے لیے گریمی ایوارڈ جیتا۔ 1980ء میں مڈلر کی کنسرٹ فلم ریلیز ہوئی، نیز اس کی ایک کتاب بیسٹ سیلر قرار پائی۔

1986ء میں اپنی دو فلموں کی کامیابی کے بعد مڈلر نے اپنی پروڈکشن کمپنی میں سرمایہ کاری کی اور 1990ء میں اس کا ایک البم لاکھوں کی تعداد میں فروخت ہوا اور دوسرا البم بھی زبردست ہٹ ہوا۔ 1990ء کے عشرے میں چند ناکامیوں کے بعد مڈلر نے گولڈی ہان اور ڈیانا کیٹن کے ساتھ مل کر 1996 میں ایک مزاحیہ فلم بنائی اور حال ہی میں 11 ستمبر کے نیویارک کے سانحے میں ہلاک ہونے والے فائر فائٹرز کی یاد میں میموریل سروس میں پرفارم کیا۔

قوس کی صحت

برج قوس کولہے کی ہڈیوں، رانوں اور عام عضلات پر حکمرانی کرتا ہے۔ قوس افراد کو نشہ آور اور تحریک پیدا کرنے والی غذاؤں سے پرہیز کرنا چاہیے۔ یہ گرم اور آتشی علامت ہے لہٰذا سبزیوں والی غذا ان کے لیے مناسب ترین ہے۔ ٹھنڈے پھل مثلاً لیموں، نارنگیاں، کیلے اور اسٹرابیری وغیرہ ان کے لیے فائدہ مند ہیں، اعصاب کو قوت بخشنے والی غذائیں مثلاً جئی، گیہوں اور جو ان کے لیے اہم ہیں، انہیں خوب پانی پینا چاہیے کیوں کہ ان کا گرم جسم بہت جلد پانی جذب کرلیتا ہے، انہیں نمک سے پرہیز کرنا چاہیے کیوں کہ یہ خون اور ہڈیوں کو نقصان پہنچاتا ہے۔ دوسری مفید غذاؤں میں سیب، کھیرا، اناج اور گاجر وغیرہ شامل ہیں۔

قوس کے مخصوص امراض میں بازوؤں، کولہوں کے جوڑوں اور ریڑھ کی ہڈی میں تکلیف، گنٹھیا، اعصابی خلل، حد سے بڑھی ہوئی حسیت، گنجاپن، امراض قلب، سانس کی تکلیف، ٹی بی، سانس لینے میں بے قاعدگی اور بینائی کی کمزوری شامل ہیں۔ خوشبویات میں لیموں، لونگ، بام، جاوتری، جائفل اور زعفران کا تیل ان کے لیے بہت مفید ہے۔

قوس ساتھی

''آگ جلانے کے لیے دو چقماقی پتھروں کی ضرورت ہوتی ہے''۔

لوئسا مے ایلکوٹ (ادیب) شمسی برج قوس، پیدائش: 29 نومبر 1832

انہیں حیران کریں، ترسائیں، تڑپائیں، پریشان کریں، کچھ بھی کریں، بس بور مت کریں۔ اپنی پہلی ملاقات پر چاہے کہیں بھی لے جائیں لیکن وہاں تفریح کا کوئی نہ کوئی عنصر ضرور موجود ہو، کوئی عمدہ ریستوران یا کوئی بڑی اور معرکے کی فلم اُسے متاثر نہیں کرے گی۔ کوئی فلم اُسے پسند آئے یا نہ آئے لیکن کسی نامانوس کیفے میں چائے پینا اس کے لیے ایک نیا تجربہ ہوگا جسے وہ پسند کرے گی۔ بعد میں جب جب آپ خرچہ برداشت کرسکیں اسے گھمانے پھرانے ضرور لے جائیں۔ کسی ساحل پر مچھلی اور چپس سے ان کی ضیافت کرنا ایک اچھا آئیڈیا ہوسکتا ہے۔

قوس کے لیے تحفہ

قوس افراد اپنی گرم جوش شخصیت کے اظہار کے طور پر تحائف دینا پسند کرتے ہیں۔ وہ عام طور سے ہفتوں اس ادھیڑبن میں رہتے ہیں کہ کیا خریدیں اور آخر میں ہمیشہ کوئی مہنگی چیز خریدتے ہیں۔ قوس کے نزدیک دوست یا محبوب کے لیے پیسے کی کوئی اہمیت نہیں، مشتری دولت دینے والا ہے جس سے خوش حالی، ہنسی اور خوشی وابستہ ہے لہٰذا قوس افراد تحائف کے لین دین میں خاص طور سے تہواروں کے موقعوں پر نہایت فیاضی کا ثبوت دیتے ہیں۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ یہ تحائف ہمیشہ معیاری نہیں ہوتے لیکن اگر انہیں یہ احساس ہوجائے کہ ان کا تحفہ متاثر نہ کرسکا تو ان کے جذبات مجروح ہوسکتے ہیں لہٰذا انہیں یہ احساس نہ ہونے دیں۔ جب ان کے لئے کوئی تحفہ خریدیں تو اس کا رنگ نیلگوں اور ارغونی ہو۔ وہ بہت سکون اور طمانیت محسوس کریں گے۔ خلوص اور ایمانداری ان کے نزدیک بہت اہمیت رکھتے ہیں اور ایسی ہی سوچ کی ان کے نزدیک قدر ہے۔ اگر تحفہ دینے والا کارڈ پر کچھ تحریر کرنا بھول جائے تو وہ تحفہ ایک ناخوشگوار تاثر چھوڑے گا۔ کتابیں ہمیشہ ان کے لیے قابل قبول ہیں، خاص طور سے اگر آپ وہ کتاب پڑھ چکے ہوں تاکہ بعد میں اس پر بحث کی جاسکے۔ ملبوسات بھی عام طور سے ایک اچھا

خیال ہے کیوں کہ وہ عام طور سے اپنے لیے کپڑے نہیں خرید سکتے۔ ہر وہ شے جو انہیں ایک نئے تجربے سے دوچار کرے، خوشی خوشی قبول ہے۔

صرف خواتین کے لیے

وہ کیسا ہے؟

وہ کلاسک مہم جو ہے جو ایک ہی وقت میں کئی سمت میں جاتا ہے ہوا لگتا ہے، قوس مرد بے تکلف اور آزادی کا متوالا تفریح طبع اور زندگی سے بھرپور ہے' اس میں بچوں جیسی دلکشی ہے جو آپ کا دل چرا سکتی ہے اور کسی لڑکے جیسی معصوم مسکراہٹ ہے جسے آپ زندگی بھر کے لیے مستعار لینا چاہیں گی۔

اس کی فطرت میں اضطراب ہے اور وہ بہت جلد اکتا جاتا ہے اور جب بھی اس پر اکتاہٹ سوار ہوتی ہے، وہ چل پڑتا ہے۔

اسے ایئرپورٹ' ہوائی جہاز' غیر ملکی مقامات اور محض ادھر ادھر کھیلتے کودتے پھرنا بہت اچھا لگتا ہے' اگر اسے کوئی تجربہ کرنا ہو تو اس کا ایک پیر دروازہ کے باہر ہوگا اور وہ مخالف سمت میں چل پڑے گا اور جب اس پر ادھر ادھر مارے پھرنے کی دھن سوار ہو جائے تو نہ تو محبت اور نہ ہی ذمہ داری کا احساس اس کے پیروں کی بیڑی بن سکتے ہیں' کم سے کم ہی کہا جا سکتا ہے کہ وہ انتہائی متلون مزاج ہے لیکن اس کے زندگی سے اس فرار میں قابل رشک جوش و خروش پایا جاتا ہے۔

قوس مرد میں کئی طرح کے نسوانی چہروں کے لیے کمزوری پائی جاتی ہے اور وہ محبت کو کوئی کھیل یا اسپورٹس سمجھتا ہے' بنیادی مسئلہ یہ ہے کہ اسے اپنی ناک سے آگے کچھ نظر نہیں آتا اور جب تک وہ بوڑھا نہیں ہو جاتا اس میں شعور پیدا نہیں ہوتا اور اُس کی زندگی میں جوانی سے بڑھاپے تک تاسف اور پچھتاوے کے کئی مقامات آتے ہیں۔ وہ فوراً ایسے وعدے کر لیتا ہے جنہیں وہ کبھی پورا نہیں کرے گا' دعوت قبول کرے گا اور بھول جائے گا، اسے آپ کے احساسات کی کوئی پروا نہیں ہوگی اور وہ رک کر یہ نہیں سوچے گا کہ آپ کے کیا احساسات ہیں۔

قوس مرد اتنا سطحی ہے کہ اسے صرف آپ کی شخصیت' آپ کے خوبصورت نقش ونگار اور آپ کی حس مزاح نظر آتی ہے' یہ وہ شخص ہے جس کی وفاداری آپ سے وابستہ ہے اور جو صرف خوشیوں کا متلاشی ہے' اس میں وہ بے حد فراغ دلی کا ثبوت دیتا ہے کیوں کہ خوش وقتی کے آگے پیسے کی کوئی خاص اہمیت نہیں ہوتی' اس کا دماغ بادلوں میں رہتا ہے اور پیر فضاؤں میں تیرتے رہتے ہیں اور اسے یہ جاننے سے کوئی خاص دلچسپی نہیں کہ وہ کہاں لینڈ کرے گا۔

وہ کیا سوچتا ہے کہ وہ کیا چاہتا ہے؟

اسے ایڈونچر' سنسنی خیزی' سیر و تفریح کا جنون ہے۔ قوس مرد صرف ایک شادی کرنا چاہتا ہے لیکن اس کے لیے کئی عورتوں کو ترجیح دیتا ہے اور جب عہد و پیماں کا وقت آتا ہے تو ایک ہی لمحے میں اپنا فیصلہ بدل دیتا ہے' بنیادی طور پر وہ بالکل آزاد رہنا چاہتا ہے، اسے کسی بھی قسم کی پابندی یا رکاوٹ قبول نہیں اور وہ زندگی زندہ دلی سے گزارنا چاہتا ہے، اسے صرف یہ معلوم ہونے کی دیر ہے کہ تفریح کا کوئی موقع ہاتھ آنے والا ہے' وہ بگٹٹ ادھر بھاگے گا۔

وہ کیا چاہتا ہے؟

وہ یہ محسوس کرنا چاہتا ہے کہ وہ اپنی مرضی سے کہیں بھی آنے جانے کے لیے بالکل آزاد ہے' وہ جب چاہے اور جس کے ساتھ بھی چاہے کہیں بھی جا سکتا ہے' آزادی کا احساس اس کی خوشی کا منبع ہے اور خوشی اس کے وجود کے لیے وہی حیثیت رکھتی ہے جو گاڑی کے لیے پٹرول۔

عام طور سے قوس کی روح کسی بندھن میں بندھنے کے تصور ہی سے پژمردہ ہو جاتی ہے لہٰذا جب شادی کرنے یا شراکت میں کاروبار کرنے کی بات آتی ہے تو وہ بھاگ نکلتا ہے' وہ ہر وقت ایک نیا ایڈونچر چاہتا ہے اور اس کی آرزو میں جیتا ہے۔

وہ کس سے ڈرتا ہے؟

وہ جمود سے ڈرتا ہے' اسے کسی ایسی صورت حال سے خوف آتا ہے جس میں اسے بندھنا یا پابند ہونا پڑے' ایسی صورت حال جو کبھی نہیں بدلے گی یا جس میں کبھی کوئی تبدیلی نہیں آنے والی' بنیادی طور پر وہ بندھ جانے کے خیال سے اس قدر دہشت زدہ ہوتا ہے کہ بعض اوقات وقت پر پہنچنے سے بھی قاصر رہتا ہے۔ وہ یہی سوچتا ہے کہ اگر میں گیا تو پھنس جاؤں گا اور اس کے تصور ہی سے اس کی روح فنا ہوتی ہے۔ اسے رات میں بھیانک خواب آتے ہیں کہ اس کا دم گھٹ رہا ہے اور دن میں وہ یہ تصور کرتا ہے کہ آسمانوں میں اڑ رہا ہے' اسے ایسی عورتوں سے خوف آتا ہے جو اس پر تکیہ کرنا چاہتی ہیں۔

اس کی خوبیاں؟

وہ کسی بچے جیسا ہنس مکھ اور زندہ دل ہے جس کے پاس کوئی بڑا سا سرخ غبارہ ہو' اسی طرح وہ نہ صرف دلچسپ بلکہ بہت پر مزاح ہے' آپ کو اسی کی صحبت میں ایسا لگے گا کہ جیسے زندگی ایک پرجوش اور سنسنی خیز سفاری پارک ہے جہاں سارے جانور بات کرتے ہیں اور اس ایڈونچر کی کوئی انتہا نہیں ہے' اپنے وحشیانہ جوش وخروش میں وہ بے حد فراخ دلی اور فیاضی کا ثبوت دیتا ہے' ترنگ میں آ کر وہ دس آدمیوں کے لیے ایک دعوت کا اہتمام کرے گا اور خدمت گاروں کو ضرورت سے زیادہ انعام بھی دے گا' بنیادی بات یہ ہے کہ وہ ایک محبت کرنے والا شخص ہے جس میں زندگی کی بے حد امنگ ہے اور حس مزاح بدرجہ اتم موجود ہے' اس کی محبت میں بے حد پرلطف وقت گزرتا ہے اس کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ وہ دانا اور فلسفیانہ سوچ کا مالک ہے' ایک فیض رساں انسان ہے جو روایت سے ہٹ کر سچائی کی کبھی ختم نہ ہونے والی جستجو میں سرگرم رہتا ہے۔

اس کی خامیاں؟

وہ سطحی اور متلون مزاج ہو سکتا ہے' فرار پسند اور غیر مقلد بھی ہو سکتا ہے' وہ وعدے کرتا ہے اور اکثر انہیں پورا کرنے سے قاصر رہتا ہے اور عام طور سے اس کا سبب یہ ہے کہ اس کا حافظہ اتنا خراب ہے کہ وہ وعدے وفا کرنا بھول جاتا ہے' اس کا حافظہ اتنا کمزور ہے کہ وہ نہ صرف بھول جاتا ہے کہ اس نے اپنی کار کہاں پارک کی تھی بلکہ یہ بھی کہ درحقیقت اس نے کار سرے سے پاک بھی کی تھی یا نہیں۔ تعلقات میں وفادار رہنا اس کے لیے بہت مشکل ہے' خاص طور سے جب وہ حسیناؤں میں گھرا ہوا ہو' عام طور سے اسے دیرپا عہد و پیمان کی بہ نسبت عارضی سرمستیوں سے دلچسپی ہے اور پھر بھی اسے خوش وقتیوں کی جستجو رہتی ہے' اگرچہ وہ ایک دلچسپ آدمی ہے لیکن اسے باشعور ہونے میں ایک عمر گزر جاتی ہے' اس کا اہم سبب یہ ہے کہ وہ زندگی کو ایک کھیل تماشا سمجھتا ہے اور اسے کبھی سنجیدگی سے نہیں لیتا اور چوں کہ وہ بہت جلد دلچسپی کھو دیتا ہے لہٰذا بعض اوقات آخر میں کچھ بھی اس کے ہاتھ نہیں آتا۔

اس کی توجہ کیسے حاصل کریں؟

وہ چاہتا ہے کہ عورت ایک ایڈونچر کی طرح ہو جہاں بہت بھاگ دوڑ ہو لیکن اس بھاگ دوڑ سے پہلے آپ کو اسے یہ قائل کرنا ہے کہ آپ ایک انعام ہیں۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ آپ کو کچھ نہیں کرنا ہے بلکہ اس کے برعکس ہونا ہے۔

قوس مرد چاہتا ہے کہ کوئی ایسی صورت اس کی شہوانی خواہشات کی تسکین کرے جو بہت پراعتماد ہو جسے اپنے آپ پر بھروسا ہو اور جسے تحفظ کی زیادہ ضرورت نہ ہو' وہ بڑے ذوق وشوق سے ایسی عورت کی پذیرائی کرتا ہے' جس میں سیکس اپیل ہو اور جو توانائی صرف کر کے پسینہ بہاتی ہو لہٰذا کسی سہ پہر کو اسے ٹینس کھیلنے کی دعوت دیں' اگر آپ اسے شکست بھی دے دیں تو تعلقات میں گرمی آئے گی' اگر آپ میں حس مزاح ہے تو یہ اور بھی اچھی بات ہے اس طرح آپ نہ صرف اس کا دل جیت سکتی ہیں بلکہ وہ چند لمحوں کے لیے ہی سہی یہ بھول سکتا ہے کہ وہ کہاں ہے؟

کیسے تعلقات مضبوط رکھیں؟

اسے اتنی آزادی دیں کہ اسے ایسا محسوس ہو، وہ گھر میں نہیں، کسی ائرپورٹ میں رہتا ہے' اگر وہ آپ پر ناراض ہو تو اسے یہ بتائیں کہ آپ میں اتنی خود اعتمادی اور اتنا دم خم ہے کہ آپ کو اس کی ضرورت نہیں ہے' اگر آپ نے اسے بہت زیادہ ڈھیل دی تو وہ خوشی خوشی آپ کی زندگی سے اڑن چھو ہو جائے گا۔ اسی طرح اگر آپ اس پر چیخیں گی اور چلائیں گی تو وہ جہاز کی ٹکٹ خرید رہا ہوگا۔ اسے باندھے رکھنے کا سب سے عمدہ طریقہ یہ ہے کہ اسے اپنی توقعات بتائیں پھر بتائیں کہ اگر وہ آپ کے ساتھ بیگانہ برتاؤ رواں رکھے گا تو آپ اس کی زندگی سے نکل جائیں گی' کورٹ شپ کے دوران اگر وہ متلون مزاجی کا ثبوت دے تو اسے کھڑا رکھیں یا انتظار کرائیں پھر سرد مہری سے پوچھیں کہ اسے انتظار کرنا کیسا لگا؟

حقیقت پسندانہ توقعات؟

اگرچہ قوس بہت دلچسپ آدمی ہے لیکن پائیدار رومانوی تعلقات کے لیے بالکل مناسب نہیں ہے' نہ صرف یہ کہ اسے کسی بندھن میں باندھنا آسان نہیں ہے بلکہ اس پر بھروسا بھی نہیں کیا جا سکتا' ایک دوست کی حیثیت سے وہ وفادار' زندہ دل اور خوش طبع ہے لیکن جذباتی اعتبار سے وہ ایک عاشق یا محبوب کا کردار نہیں ادا کر سکتا' اگر آپ کو صرف خوش وقتیوں سے دلچسپی ہے تو اس کی صحبت میں آپ کا وقت بہت اچھا کٹ سکتا ہے لیکن اگر آپ کو اس سے زیادہ کی توقع ہے تو اسے بھول جائیے۔

خصوصی عزیمت رجعت ونحوست سیارگان

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ یَا مُعِیْنُ یَا شَافِیُ یَا کَافِیُ یَا قَادِرُ یَا کَرِیْمُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اَحْفِظْنِیْ مِنَ النَّحُوْسَتُ الشَّمْسُ وَالْقَمَر وَالْمُشْتَرِی وَالزُّحَل وَالزُّھَرَہ وَالْعَطَارَد وَالْمَرِیْخ وَالرَّاس وَالذَّنب بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ٥ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا بھی درود شریف پڑھ لیں۔ بچوں کیلئے والدین بھی پڑھ سکتے ہیں۔ اگر آپ مندرجہ بالا عزیمت کو صرف **9** بار روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنالیں تو پھر کسی سیارے کی نحوست آپکے قریب نہ آئیگی۔ میری طرف سے آپکو اس عمل کی عام اجازت ہے۔ **دعا گو عامل شاہ زنجانی**

آپکا ماہِ دسمبر 2016ء کیسا رہے گا؟

astrology December

جن قارئین کو اپنی صحیح تاریخ پیدائش یاد نہیں وہ برج دو طرح سے معلوم کر سکتے ہیں۔ ایک نام کے پہلے حرف سے اور دوسرا حروف ابجد سے۔ پھر تحقیق کریں کہ برج کا احوال ان پر صحیح بیٹھتا ہے۔

پہلا طریقہ آپکے نام نامی میں جو پہلا حرف ہے اسی سے برج بنتا ہے۔ ذیل میں دیئے گئے بارہ بروج میں سے اپنے نام کا پہلا حرف تلاش کر کے پہلے برج معلوم کریں پھر اسی برج کے تحت نیک و بد حالات ملاحظہ فرمائیں۔ ساتھ ہی اپنا ستارہ اور برج معلوم کر کے ادارہ آئینہ قسمت سے مفت مشورہ بذریعہ کوپن لے کر نگینہ پہنیں۔

دوسرا طریقہ اگر خدانخواستہ نام برج سے آپ کے حالات درست نہ آتے ہوں تو اس طریقہ سے اپنے نام کا برج معلوم کریں۔ اپنا مکمل نام اور اپنی والدہ کے نام کے حروف ابجد قمری سے اعداد نکالیں اور ان کو بارہ پر تقسیم کریں۔ اگر باقی **1** بچے تو برج حمل ہے۔ اگر **2** باقی بچے تو ثور۔ **3** بچے تو جوزا۔ **4** بچے تو سرطان۔ **5** بچے اسد۔ **6** بچے تو سنبلہ۔ **7** بچے تو میزان۔ **8** بچے تو عقرب۔ **9** بچے تو قوس۔ **10** بچے تو جدی۔ **11** بچے تو دلو اور اگر **0** باقی بچے تو برج حوت ہوگا۔

نوٹ صحیح تاریخ پیدائش معلوم ہو تو ان قواعد کو نظر انداز کر دیں۔

حروف ابجد قمری

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر
20	30	40	50	60	70	80	90	100	200
ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ		
300	400	500	600	700	800	900	1000		

ARIES

21Marc 20April

حمل

ستارہ: مریخ
حروف: ال ع
دن: منگل
عدد: 9
رنگ: سرخ یا قرمزی
پتھر: یاقوت، مرجان، سرخ عقیق، ہیرا

Element: Fire
RulingPlanet: Mars
Symbol: The Ram
YourStone: Ruby
LifePursuit: The thrill of the moment.
SecretDesire: To lead the way for others.

آپکا حاکم ستارہ مریخ یکم تا 19 دسمبر گیارھویں بیت الامید کے گھر ہونے سے سیاسی وسماجی مصروفیات بڑھیں حلقہ احباب سے وابستہ توقعات سے راحت جبکہ 20 تا 31 دسمبر بارھویں بیت الخوف میں رہنے سے حاسدین وجذباتی کیفیت سے بچنے کی ضرورت اور اخراجات بھی کنٹرول کریں۔ ساتویں سعد مشتری ازدواجی وشادی کی خواہش کو پورا کر سکے۔ 3,2 دسمبر مریخ مشتری تثلیث سے محتند اقدامات اور عہد وپیاں عمل میں آسکیں۔ 4,3 دسمبر مریخ زحل تسدیس سے صبر وتحمل اور ڈپلومیسی کے باعث حالات پر گرفت مضبوط اور معاملات پایہ تکمیل تک پہنچ سکیں۔ 8,7 دسمبر مریخ یورانس تسدیس سے قائدانہ صلاحیت نکھرے اور ذاتی مقاصد کا حصول ممکن ہو۔ مضبوط قوت ارادی 28,27 دسمبر شمس مریخ تسدیس سے حالات میں مثبت تبدیلی کے خواہشمند اور مسائل کا مثبت حل نکل سکے۔ 30,29 دسمبر عطارد مریخ تسدیس سے کام میں نکھار، ذہنی صلاحیتیں نکھریں اور تکنیکی مہارت بڑھے۔

پہلا ہفتہ: بیرون ملک مقیم دوست احباب رابطے میں رہیں گے اور مالی معاملات پر توجہ مرکوز رہے گی۔ خواہشات پوری ہونے سے انجانی سی خوشی محسوس ہوگی۔ اس ہفتے جو بھی نیا کام شروع کریں گے وہ آپ کی زندگی میں بہت اہمیت کا حامل ہوگا۔ تکرار سے گریز کریں۔ محبت سے متعلقہ امور متاثر ہو سکتے ہیں۔ ذہنی صلاحیتوں میں نکھار پیدا ہوگا۔ کامیابی حاصل ہو سکے گی۔

دوسرا ہفتہ: مالی مسائل کا خاتمہ ہو سکے گا لیکن بحث وتکرار سے گریز لازمی ہے، ورنہ لڑائی جھگڑے کا اندیشہ ہے۔ رشتے داروں کے تعاون سے گھریلو مسائل کا خاتمہ ممکن ہوگا اور پریشانی میں کمی ہوگی۔ شریک حیات کا تعاون بھی رہے گا۔ کاروباری معاملات منافع بخش رہیں گے۔ تخلیقی کاموں سے راحت ملے گی۔ آمدن میں اضافہ ہو سکے گا۔ شریک حیات کا ساتھ رہنے سے بہت سے نجی مسائل حل ہوں گے۔

تیسرا ہفتہ: اس ہفتے محبت کے معاملات میں مصروفیت رہے گی اور قسمت کا ساتھ بھی رہے گا۔ اس کے علاوہ نصیب یاوری کرنے سے کاروباری معاملات میں بھی فائدہ ہوگا اور نامکمل کام مکمل کر سکیں گے۔ جس کے باعث ذہنی بوجھ میں کمی آئے گی۔ جذبات اور غصے پر قابو پا سکیں گے۔ اصول پسندی اور تحمل مزاجی جیسی خصوصیات اُجاگر ہوں گی۔ کام مکمل ہو سکیں گے۔

چوتھا ہفتہ: مالی پوزیشن کی بہتری کے ساتھ گھریلو مسائل بھی حل ہو سکیں گے۔ اولاد راحت کا باعث ہوگی اور انعام وغیرہ یا پرائز بانڈ نکل سکتے ہیں۔ ملازمت سے متعلقہ معاملات احسن طور پر چل سکیں گے اور عزیزوں کی قربت حاصل رہے گی۔ ہمسائے تعاون کریں گے۔ عزت ووقار میں اضافہ اور کیریئر بہتر ہو سکے گا۔ جس سے خواہشات میں اضافہ اور دوسروں کے کام آسکیں گے۔

TAURUS

21April 21May

ثور

ستارہ: زہرہ ♀
حروف: ب ۔ و
دن: جمعہ
عدد: 6
رنگ: ہلکا نیلا یا سبز
پتھر: اوپل، سبز پکھراج

Element: Earth
RulingPlanet: Venus
Symbol: The Bull
YourStone: Emerald
LifePursuit: Emotional and financial security.
SecretDesire: To have a secure, happy and wealthy life/marriage.

آپکا حاکم ستارہ زہرہ یکم تا 7 دسمبر نویں بیت السفر رہتے ہوئے اعلیٰ تعلیم کے حصول کے مواقع اور بیرون ملک سفر کی خواہش ابلاغی کرنے سے پوری ہو سکے۔ جبکہ 8 تا 31 دسمبر زہرہ دسویں وتد السماء رہنے سے کیریئر وکاروباری امور میں خاص توجہ اور اساتذہ کی شفقت رہے۔ جبکہ چھٹے مشتری کی نشست ملازمت کے حصول کی خواہش کوشش کرنے سے پوری ہو سکے۔ 26,25 دسمبر زہرہ مشتری تثلیث کے باعث سیاسی وسماجی پوزیشن مستحکم اور حلقہ احباب میں وسعت ہو سکے۔ اہم تقریبات میں شمولیت وانعقاد سے عزت وتوقیر بڑھے۔ 26,25 دسمبر ہی زہرہ یورانس تسدیس سے منفرد صلاحیتوں اور عملی مظاہرہ کا رجحان اور معاملات شیئر کرنے سے تخلیق بہتر ہو سکے۔ 26,25 دسمبر ہی کو زہرہ زحل تسدیس سے فرض شناسی، ایمانداری، مثبت فیصلے اور ڈپلومیسی اپناتے ہوئے مثبت اقدامات کر سکیں۔

پہلا ہفتہ: اس ہفتے آپ دماغ سے زیادہ دل کے فیصلوں پر عمل کریں گے۔ شراکتی کام منافع بخش رہیں گے۔ ملازم پیشہ افراد کو مالی مسائل پیش آسکتے ہیں۔ جس کے باعث وہ ڈپریشن کا شکار ہو سکتے ہیں۔ جنس مخالف کا کوئی فرد خاص توجہ کا مرکز رہے گا۔ خواہشات میں اضافہ اور دوسروں کے کام آسکیں گے۔ خاطر خواہ نتائج حاصل ہوں گے۔

دوسرا ہفتہ: قسمت آپ کا ساتھ دے گی جس کے باعث بہت سے پیچیدہ مسائل حل ہو سکیں گے اور کاروبار میں خاطر خواہ فائدہ حاصل ہوگا۔ رشتے دار مددگار رہیں گے۔ کیریئر سے متعلقہ معاملات بہتر رہ سکیں گے۔ مالی پوزیشن بہتر ہو سکے گی۔ جذبات قابو میں رہیں، ٹینشن کے حل کیلئے کثرت سے درود شریف کا ورد کریں۔ کام میں مسائل درپیش رہیں گے۔ تحمل مزاجی اور اصول پسندی کام آئے گی۔

تیسرا ہفتہ: اس ہفتے قسمت کا ساتھ رہے گا۔ جس کے باعث بہت سے پیچیدہ مسائل حل ہو سکیں گے۔ وراثت سے متعلقہ معاملات احسن طریقے سے حل ہو سکیں گے۔ حاسدین کے بداراودوں سے بچے رہیں گے۔ گھریلو ماحول خوشگوار رہے۔ جس کے باعث شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ معاہدے طے ہو سکیں گے۔ خوبصورتی کو سراہا جائے اور غلط فہمیاں دور ہو سکیں گی۔ آمدن میں اضافہ ممکن ہے۔

چوتھا ہفتہ: اس ہفتے سیر وسیاحت کا پروگرام بن سکتا ہے۔ بیرون ممالک جانے کے خواہشمند افراد کی خواہش پوری ہو سکے گی۔ شراکتی کام منافع بخش رہیں۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات مستحکم رہیں جس کے باعث گھریلو ماحول شگوار رہ سکے۔ خواہشات اُجاگر ہوں گی، کاروبار کامیابی سے رواں دواں رہے۔ اخراجات میں اضافہ ممکن ہے، لہٰذا احتیاط برتیں۔ دوسروں کے ساتھ رویہ بہتر نہ رہے گا۔ خیالات کا اظہار کر سکیں۔ شریک حیات کا تعاون اور کام میں خوبصورتی آئے گی۔ کاروباری معاملات طے ہو سکیں گے۔

Gemini

ستارہ: عطارد ☿
حروف: ق ک
دن: بدھ
عدد: 5
رنگ: پیلا یا ملے جلے
پتھر: عقیق سبز، زمرد، فیروزہ

Element: Air
RulingPlanet: Mercury
Symbol: The Twins
YourStone: Aquamarine
LifePursuit: To Explore a little bit of everything.
SecretDesire: To be ahead of the crowd.

آپکا حاکم ستارہ عطارد یکم اور 2 دسمبر ساتویں بیت الزوج ہمراہ شمس و قمر اور زحل ہونے سے شراکتی امور خاصے توجہ طلب اور ازدواجی زندگی ہنگامہ خیز رہ سکے۔ مخلصین سے مشاورت کی ہمہ وقت ضرورت رہے۔ 3 تا 31 دسمبر عطارد آٹھویں رہتے ہوئے 3 تا 19 دسمبر حالتِ مستقیم میں ہونے سے وراثتی، انشورنس و کلیم کے امور میں خاطر خواہ بہتری آئے۔ جبکہ 20 تا 31 دسمبر رجعتِ عطارد معاملات میں رکاوٹ تاخیر کا باعث ہو 11,10 اور 28,27 دسمبر عطارد نیپچون تسدیس سے مثبت مستحکم سوچ و فیصلے عمل میں آسکیں اور تخیل کو حقیقت کا رنگ دینے کی قابلیت۔ 29,28 دسمبر شمس عطارد قران سے ذہنی صلاحیتیں نکھریں۔ سفر وسیلہ ظفر اور حالات کے مطابق سوچ و مزاج کو ڈھال سکیں۔ 30,29 دسمبر عطارد مریخ تسدیس کے باعث صبر و تحمل اور مزاج میں مثبت پہلو اُجاگر ہوں جس سے تکنیکی مہارت اور کام میں نکھار آئے۔

پہلا ہفتہ: اس ہفتے لڑائی جھگڑے کا اندیشہ۔ لہٰذا غصے پر قابو رکھیں۔ عزت و وقار میں اضافہ اور اساتذہ کا تعاون حاصل رہے۔ روحانیت کے شوق میں بتدریج اضافہ۔ خواہشات پوری ہوسکیں گی۔ دوست نقصان پہنچا سکتے ہیں، لہٰذا محتاط رہیں۔ ذاتی تعلقات سے متعلق آپ ہر قسم کی صورتحال کے لیے تیار رہیں اور اہم فیصلے بھی کرسکیں گے۔

دوسرا ہفتہ: اس ہفتے سفر کا پروگرام بن سکتا ہے جو کہ کافی خوشگوار رہ سکے۔ شخصیت میں نکھار دوسروں کی رغبت کا باعث بنے۔ آپ کے الفاظ دوسروں پر اثر انداز ہوں گے اور عزت و وقار میں اضافہ ہوسکے۔ اخراجات میں اضافے کا امکان بھی ہے۔ کسی اہم رشتے میں بندھ سکتے ہیں۔ اہم کاروباری پراڈکٹس بنا سکیں گے۔ جس سے کاروبار کو خوب فائدہ پہنچ سکے۔

تیسرا ہفتہ: اخراجات میں اضافہ کا امکان ہے۔ اس ہفتے زیادہ تر توجہ محبت سے متعلقہ امور پر رہے گی۔ جس کے باعث بہت سے دوسرے کام ادھورے رہ سکتے ہیں۔ جس کا بعد میں شدید احساس ہوگا۔ صحت متاثر ہوسکتی ہے، لہٰذا محتاط رہیں۔ غیر سنجیدہ رویہ نقصان کا باعث ہوسکتا ہے، لہٰذا احتیاط برتیں۔ فرض شناسی اور حقیقت پسندانہ سوچ رہے گی۔ جذبات قابو میں نہ رہیں گے، مسائل کا اندیشہ ہے۔

چوتھا ہفتہ: تعلقات میں بہتری اور نصیب یاوری کرنے سے کاروباری، کیریئر کی پریشانی اور مسائل کا خاتمہ ممکن ہوگا اور آپ خود کو پہلے سے بہتر محسوس کرسکیں گے۔ حاسدین کی نظر بد سے بچے رہیں گے۔ ذہنی پریشانی درپیش رہ سکتی ہے۔ ایک نقطہ نظر پر سوچ کا دارومدار رہے گا۔ روحانیت کا شوق اور بیرون ملک سفر کا پروگرام بن سکتا ہے۔ سوچ وسعت اختیار کرے گی۔ سنجیدہ گفتگو سے خاطر خواہ نتائج حاصل ہوں گے۔ بحث و تکرار کا امکان ہے، مسائل بدستور درپیش رہیں گے۔ معاہدے اور عدے کرسکیں گے۔ غلط فہمیوں کا خاتمہ ہوسکے گا۔

Cancer

ستارہ: قمر
حروف: ح ہ
دن: پیر
عدد: 2
رنگ: دودھیا
پتھر: در نجف، سفید مرجان

Element: Water
RulingPlanet: The Moon
Symbol: The Crab
YourStone: Moonstone
LifePursuit: Constant reassurance and intimacy.
SecretDesire: To feel safe (emotionally, spiritually, romantically and financially).

آپکا حاکم ستارہ چندرماں (قمر) تمام ماہ بارہ منطقۃ البروج میں سیر کناں رہتے ہوئے 12,11 دسمبر شرف جبکہ 16,15 دسمبر اوجی پوزیشن میں ہو تو حالات میں مثبت تبدیلیاں اور معاملات زندگی میں خوشگواری آسکے۔ جبکہ 31,30,3,2 دسمبر وبال اور 26,25,24 دسمبر ہبوطی پوزیشن میں ہو تو یہ نحس ایام احتیاط طلب رہیں ان ایام میں صدقات دیں اور نئے کام کا آغاز یا منگنی شادی سے گریز کریں۔ 3,2 دسمبر پانچویں دسویں کا مشترکہ حاکم مریخ چھٹے نویں کے مشترکہ حاکم مشتری سے سعد نظر تثلیث قائم کرے جس کے باعث قمر کی نحس پوزیشن کے اثرات میں کمی اور کیریئر کاروبار، اولاد، ملازمت سے متعلقہ امور میں متوقع نتائج مل سکیں۔ 26,25 دسمبر چوتھے گیارہویں کا مشترکہ حاکم زہرہ چھٹے نویں کے مشترکہ حاکم مشتری سے سعد نظر بنائے جس سے قمر کی ناقص پوزیشن سے صدقات دیں تو حلقہ احباب کا تعاون، خانگی، خاندانی سواری زمین جائیداد اور اولاد سے متعلقہ امور سے راحت مل سکے۔

پہلا ہفتہ: گھریلو مسائل کا شکار رہیں گے لیکن غصے اور جذبات سے یہ مسائل حل نہ ہوں گے بلکہ مزید بگڑیں گے۔ لہٰذا تحمل مزاجی سے کام لیں ورنہ لڑائی جھگڑے کا اندیشہ ہے۔ صحت متاثر ہوسکتی ہے، لہٰذا خوراک کا خاص خیال رکھیں۔ صلاحیتوں میں اضافہ، نکھار پیدا ہوگا۔ کامیابی حاصل ہوسکے گی۔ آمدن میں اضافہ ہوسکے گا۔ کام میں درپیش مسائل کا خاتمہ ہوسکے گا۔

دوسرا ہفتہ: ملازم پیشہ افراد کے لیے یہ ہفتہ کافی اہمیت کا حامل رہے گا۔ نئے افراد سے مل کر کاروبار کو بہتری کی طرف بڑھا سکیں گے۔ تخلیقی صلاحیتوں میں اضافہ فائدہ مند رہے گا۔ روحانیت کے شوق میں اضافہ اور بیرون ملک جانے کا پروگرام بن سکتا ہے۔ خواہشات پوری ہونے سے انجانی سی خوشی محسوس کرسکیں گے۔ عزیزوں اور رشتہ داروں کی قرابت حاصل رہے گی۔

تیسرا ہفتہ: اس ہفتے گھریلو اور مالی معاملات پر توجہ رہے گی۔ غصے پر قابو رکھیں اور بحث و تکرار سے گریز کریں ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ سواری لے سکیں۔ بہن بھائی اور دوستوں کا تعاون حاصل رہے۔ کام مکمل ہوسکیں گے۔ عزت و وقار میں اضافہ ہوسکے گا۔ کیریئر میں کامیابیوں سے ہمکنار ہوں۔ تحمل مزاجی سے کام مکمل ہوں۔

